آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز ہفتہ 31 اکتوبر 2026ء بمطابق 19 جمادی الاول 1448ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 256

بلوچستان پولیس میں تعیناتیوں اور تبادلوں کا بنیادی اصول میرٹ ہوگا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، بلوچستان پولیس صف اول میں رہ کر صوبے اور ملک کے دفاع کا فریضہ انجام دے گی، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان پولیس کو جدید آلات، معیاری تربیت اور سازگار پیشہ ورانہ ماحول فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیح ہے، تربیت مکمل کرنے والے ڈی ایس پیز کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد/کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو جدید آلات، معیاری تربیت اور میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں و تبادلوں کا ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جہاں کسی قسم کی سیاسی مداخلت یا دباؤ کی گنجائش نہ ہو، پولیس افسران کی تعیناتیوں اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں میرٹ کو بنیادی اصول بنایا گیا ہے اور یہ فیصلہ خود بلوچستان پولیس کی قیادت نے کرنا ہے کہ کون سا افسر کس ذمہ داری کے لیے موزوں ہے۔ میرٹ کی بالادستی بالخصوص نوجوان نسل کا ریاست پر اعتماد بحال کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی، ریاست کے تمام ستونوں کو اپنے عملی کردار سے بلوچستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

انتہاپسندی، تکفیر اور فرقہ واریت کیخلاف علماء مشترکہ لائحہ عمل مرتب کریں، حافظ نعیم

صیہونیت مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرنا چاہتی ہے، ہمیں دشمن کی اس سازش کو ناکام بنانا ہوگا

فلسطین و کشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی کا استنبول میں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب

استنبول (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ امت کو انتہاپسندی، تکفیر اور فرقہ واریت سے بچانے کیلئے علماء مشترکہ لائحہ عمل مرتب کریں، فلسطین و کشمیر کے تنازعات پر قرآن وسنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے۔ استنبول میں اتحاد العالمی لعلماء المسلمین کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی سفیر کی ملاقات

کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں میں تعاون اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے تعینات سفیر ڈاکٹر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی جس میں کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں بشمول سٹریٹجک آئل سٹوریج، ریفائنری اپ گریڈیشن، ایل پی جی کی فراہمی اور تجارتی روابط میں سہولت کاری اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب کی دیرینہ سٹریٹجک شراکت داری کا خیر مقدم کیا اور بتایا کہ ریاض کے حالیہ دورے کے دوران انہوں نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان السعود کو پاکستانی قیادت کی جانب سے سعودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاک بھارت جنگ مصنوعی تھی، سینیٹر ایمل ولی کا دعویٰ

ہم نے تو کچھ نہیں دیکھا، یہ تو ٹرمپ ہے جو کبھی چھ، سات اور آٹھ جہاز کر دیتے ہیں، پاکستان پر مہربان ہیں اور ہندوستان کے لئے دل پر بوجھ ہیں

اس کو میں جنگ نہیں مانتا، جنگ تو ایران اور امریکہ کی ہے، ایران تباہ ہوگیا، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر کی گفتگو

پشاور (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی فوجی کشیدگی کو مصنوعی جنگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کوئی باقاعدہ جنگ نہیں تھی بلکہ امریکی صدر ڈونلڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

☆☆☆ اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی میں گارڈ آف آنرز کا معائنہ کر رہے ہیں ☆☆☆

پاکستان سنگاپور کیساتھ اقتصادی تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے، شہباز شریف

پاکستان سنگاپور کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان پلیٹ فارم پر شراکت داری کو اہمیت دیتا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کا سنگاپور کے ساتھ دوستانہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ

سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ، وزیر اعظم شہباز شریف کا پاکستان اور سنگاپور کے درمیان اقتصادی تعاون اور عوامی روابط کے فروغ پر زور

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ شراکت داری کو دوطرفہ اور آسیان کے پلیٹ فارم کے ذریعے، کثیر الجہتی سطحوں پر اہمیت دیتا ہے۔ جمعہ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سنگاپور کے وزیر برائے امور خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے سنگاپور کے ساتھ دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس سال دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے سنگاپور کی شاندار اقتصادی تبدیلی، جدت اور ترقی کے شعبے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان سنگاپور کے ساتھ اپنی شراکت داری کو دوطرفہ اور آسیان کے پلیٹ فارم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مولانا صاحب کی تقریر میں بعض الفاظ ادا نہ ہوتے تو بہتر تھا، بیرسٹر گوہر

بیرونی انتشار کا پوری قوم مل کر مقابلہ کرتی ہے، اندرونی انتشار ملک کو زیادہ نقصان پہنچاتا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ مولانا صاحب کی تقریر میں بعض الفاظ ادا نہ ہوتے تو بہتر تھا، ان کی تقریر کے جواب میں جس طرح حملے کیے گئے وہ بھی نامناسب ہیں۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ایران سے عراق جانے کا واحد زمینی راستہ تاحال بند ہے، زائرین نوٹ کرلیں، مذہبی امور

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ ایران سے عراق جانے کا واحد زمینی راستہ شلمچہ بارڈر بند ہے، پاکستانی زائرین نوٹ کرلیں۔ اپنے بیان میں ترجمان وزارت مذہبی امور نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ائیر عربیہ کی پرواز بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی

ٹیک آف کے دوران دونوں انجن بند، جہاز رن وے کے آخری سرے پر رک گیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے شارجہ جانے والی ائیر عربیہ کی پرواز ٹیک آف کے دوران مبینہ طور پر دونوں انجنوں میں اچانک فنی خرابی پیدا ہونے کے باعث بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی، جہاز تیزی سے رن وے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ روس کیلئے تیاریوں کا آغاز

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف دسمبر میں بڑے تجارتی وفد کے ہمراہ روس کا دورہ کریں گے، جس کے لیے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے دورہ روس کی تیاری پر اجلاس ہوا

کوئٹہ، 2 نومبر سے انسداد پولیو مہم شروع ہوگی، 4 لاکھ 29 ہزار بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

مہم کے لیے 1600 ٹیمیں تشکیل، 1800 سکیورٹی اہلکار تعینات ہوں گے، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او)، ڈسٹرکٹ ای او سی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے مجموعی اہداف، سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

خاران میں سکیورٹی فورسز نے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بنادی، پانچ ڈرون تباہ

فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے البت میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی کوشش کی

البت چیک پوسٹ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا، فتنہ الہندوستان کا ڈرون حملہ ناکام، فورسز کا بروقت اور موثر ردعمل

خاران (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خاران میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے ڈرون حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پانچوں ڈرونز کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق واقعے میں کوئی جانی یا مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ملک بھر میں بی آئی ایس پی سے ساڑھے 22 لاکھ خواتین خارج

کوئٹہ (یو این اے) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت ملک بھر میں مالی معاونت حاصل کرنے والی لاکھوں خواتین کو پروگرام سے خارج کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر ساڑھے 22 لاکھ سے زائد خواتین کی امدادی رقوم بند ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

گوادر کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر کے معاملات حل کرنے پر اتفاق

ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن کی ڈی جی جی ڈی اے سے ملاقات، شہری مسائل پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں گوادر کے مختلف ترقیاتی منصوبوں، شہری مسائل اور عوامی سہولیات سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

کوئٹہ، کم عمر لڑکوں کے بلیک میلنگ اور جنسی استحصال میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

تھانہ بروری کی کارروائی، سوشل میڈیا کے ذریعے ورغلا کر ویڈیوز بنانے والے گروہ کا سراغ لگا کر مقدمہ درج

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کم عمر لڑکوں کو مبینہ طور پر بلیک میل اور جنسی استحصال کا نشانہ بنانے والے 3 رکنی گروہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا مندوخیل، ایس پی صدر شفقت جنجوعہ اور ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون کی ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پاسپورٹ فیس کی مد میں 5 سالوں میں اربوں روپے وصول کیے گئے

پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، وزارت داخلہ کا سینیٹ میں تحریری جواب

اسلام آباد (آن لائن) وزارت داخلہ نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ پاسپورٹ فیس میں کمی کی کوئی تجویز زیر غور نہیں، گزشتہ پانچ سال کے دوران پاسپورٹ فیس کی مد میں 219 ارب 93 کروڑ 10 لاکھ روپے وصول کئے گئے۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی زیر صدارت ہوا جس میں تفصیلات سینیٹ میں پیش کی گئیں۔ سینیٹر طلحہ محمود کے سوال پر وزارت داخلہ نے تحریری جواب میں بتایا کہ پاسپورٹ فیس کی مد میں سال دو ہزار اکیس بائیس میں 21 ارب 61 کروڑ 80 لاکھ روپے اور دو ہزار بائیس تئیس میں 34 ارب 49 کروڑ 50 لاکھ روپے وصول ہوئے۔

ہمیں کسی سے حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

اسلام آباد (آن لائن) سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا ہے کہ ہم نے نازیبا جملہ کہا لیکن اگر ماں کے فرائض ریاست کو یاد دلائیں تو اس سے تیغ پا ہوتے ہیں

ایل پی جی نرخ نئی بلندیوں پر، سردیوں میں بجلی کے بل بھی مزید بڑھنے کا خدشہ

اسلام آباد (آن لائن) سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی بجلی صارفین کے لیے ایک نئی پریشانی سامنے آگئی۔ سردیوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے ساتھ قیمت بھی بڑھنے کا امکان ہے۔ پاور ڈویژن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

☆☆ کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا ینگ لائرز فورم کے وکلاء کے ساتھ گروپ فوٹو ☆☆

امریکی نائب صدر کی محسن رضائی سے براہ راست ملاقات کی پیشکش

ٹرمپ ایران کے ساتھ تنازع لامتناہی جنگ میں تبدیل نہیں ہونے دیں گے، جے ڈی وینس

واشنگٹن (آن لائن) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایرانی قومی سلامتی کے سربراہ محسن رضائی سے براہ راست ملاقات کی پیشکش کی ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے امریکی عہدیدار کے حوالے سے رپورٹ میں کہا ہے کہ امریکی انتظامیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

☆☆☆ اسلام آباد، سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆

عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے، اسد قیصر

فاروق ایچ نائیک نے ایمرجنسی میں کمیٹی بنانا غیر آئینی قرار دیا، پیپلز پارٹی اس کیخلاف کوئی قرارداد لائے گی

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ عمران خان کی بہنوں کو رہا کیا جائے۔ اسد قیصر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مجھے بات کرنے کا موقع نہیں دیا گیا، مجھے اس بات کا شدید گلہ ہے۔ جمعہ کے روز قومی اسمبلی میں

سنگاپور کے وزیر خارجہ کی جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات

علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال، دوطرفہ دفاعی تعاون اور امن و استحکام کے امور پر تبادلہ خیال، سنگاپور کے وزیر خارجہ نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا

سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے بھی پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، بدلتی ہوئی علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال اور پاکستان و سنگاپور کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے علاقائی امن و استحکام کی صورتحال پر خیالات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اکبر ایس بابر کا پارلیمنٹ میں موجود جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن بنانے کا مطالبہ

پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں؟، بانی رہنما

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے بانی رہنما اکبر ایس بابر نے سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی کمیشن کی تشکیل اور پارلیمنٹ میں موجود تمام پاپولر جماعتوں کی فنڈنگ کی تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا میں حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں، جو گری ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، شمر بلور

جھنجلاہٹ اس لئے ہے مولانا کے ساتھ ملاقات اور مشورے کوئی نہیں لے رہا، ممبر ایڈوائزری کونسل پختونخوا

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کے ممبر شمر بلور نے کہا ہے کہ مولانا صاحب ہوش کے ناخن لیں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شمر بلور نے کہا کہ مولانا کا جو غصہ پایا جا رہا ہے وہ انتہائی عجیب ہے، مولانا صاحب کی ہم عزت کرتے ہیں لیکن جو گری ملا رہے ہیں وہ ٹھیک نہیں، مولانا کا غصہ ان کا پی ڈی ایم کے دور میں کرپشن میں ملوث لوگوں کو

ایران کی 7 شرائط تسلیم کرنے کے بعد ہی امریکا کیساتھ مذاکرات ممکن ہے، باقر قالیباف

دباؤ ڈالنے اور لالچ دینے کی پالیسی کا ایران پر کوئی اثر نہیں ہوگا، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (آن لائن) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران کی شرائط کو تسلیم کرنا ہی واحد راستہ ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں قالیباف نے کہا کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت کے لیے تہران کی 7 شرائط تسلیم بار بار اور واضح طور پر بتائی جا چکی ہیں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر کا دورہ پشاور، طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

خصوصی سیشن میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے طلبہ کے سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات دیئے

پشاور (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیورسٹی طلبہ اور فیکلٹی ممبران کیساتھ خصوصی نشست کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی آمد پر مختلف جامعات کے طلبہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا، اس موقع پر شریک طلبہ کی جانب سے ڈی جی آئی ایس پی آر کو روایتی پختون پگڑی اور چادر بھی پہنائی گئی۔

افغانستان میں پوست کی کاشت میں 4 گنا سے زیادہ اضافہ ہوگیا، اقوام متحدہ

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ طالبان کی جانب سے پابندی کے باوجود افغانستان میں افیون کے لیے پوست کی کاشت میں 4 گنا سے بھی زیادہ اضافہ ہوگیا ہے۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (یو این او ڈی سی) کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن ملاقات کر رہے ہیں

امریکا ایران معاہدے کی کوششیں تیز، قطری ثالث مذاکرات کے لئے دوبارہ تہران پہنچ گئے

تہران (آن لائن) امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کی کوششوں کے سلسلے میں قطر کے ثالث ایک بار پھر دوبارہ ایرانی دارالحکومت تہران پہنچ گئے۔ قطری ثالثی کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان جاری کشیدگی کم کرنے اور کسی سمجھوتے تک پہنچنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ، گائی خان چوک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، دو بھائی جاں بحق

مسلح ملزمان فائرنگ کے بعد فرار، پولیس کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کردیا، تحقیقات کا آغاز

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے گائی خان چوک میں فائرنگ کا ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ ان کا بھائی شدید زخمی ہوگیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے دو بھائیوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

نیشنل پارٹی کی کوئٹہ میں تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ

ضلع کیچ کے 500 سے زائد ممبر شپ کارڈز پارٹی قیادت کے حوالے

مضبوط تنظیم ہی سیاسی جماعت کی اصل طاقت ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ مضبوط تنظیم ہی ایک سیاسی جماعت کی اصل طاقت ہوتی ہے، کارکنوں کو باہمی اتفاق، اعتماد اور سیاسی ہم آہنگی کے ساتھ پارٹی پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ: صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ گورنمنٹ انٹر کالج مسلم باغ کے پرنسپل محمد طیب کو طلباء کیلئے منظور شدہ بس کی چابی حوالے کر رہے ہیں

انگور اڈہ میں پاک فوج کی جوابی کارروائی، طالبان کی کئی چوکیاں تباہ، متعدد ہلاک

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج نے انگور اڈہ میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا بھرپور جواب دیا ہے جس کی ویڈیو بھی جاری کردی۔ سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پی پی ایل کے دفاتر کی منتقلی کا فیصلہ انتظامی و مالی ضروریات کے تحت کیا جا رہا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے دفاتر کی منتقلی کے معاملے کو صوبائیت کی نظر سے نہیں دیکھا جانا چاہیے

آزاد کشمیر، باغ میں گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق، بچی زخمی

وزیر اعظم آزاد کشمیر کا حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر کے ضلع باغ کے جنوبی علاقے چڑیی کے ایک گھر میں دھماکے سے 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق اور ایک لڑکی شدید زخمی ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنوبی باغ کے گاؤں چڑیی میں شکلہ نامی شخص کے گھر میں ہونے والے دھماکے میں اس کی 80 سال کی والدہ، 40 سال کی بیوی شازیہ، 11 سال کا بیٹا حارث اور 8 سال کی ملائکہ موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ 15 سال کی ایقہ شدید زخمی ہوگئی۔

حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کردیا، اتحادی فوج

یمنی فوج کا 24 گھنٹوں میں 982 کارروائیوں میں 324 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

ریاض، صنعاء (آن لائن) سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے کہا ہے کہ حوثیوں کا مکہ کی جانب داغا گیا ڈرون فضا میں تباہ کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی اتحادی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ کی سمت بھیجا گیا ایک ڈرون فضائی کارروائی کے دوران تباہ کر دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے بتایا کہ ڈرون کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی فضا میں تباہ کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں کی جانب سے سعودی اتحادی افواج کا ڈرون گرانے سے متعلق بیان پر فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

پی ٹی آئی کا گورنر راج کیخلاف ہر آئینی و قانونی فورم پر جدوجہد کا فیصلہ

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق مستند معلومات فراہم کی جائیں اور اہل خانہ و وکلا کو فوری رسائی دی جائے

پی ٹی آئی میں کوئی گروپ بندی نہیں، پارٹی کے تمام سیاسی و تنظیمی فیصلے بانی پی ٹی آئی کی ہدایات اور باہمی مشاورت سے کیے جائیں گے، پارلیمانی پارٹی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی نے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو غیر آئینی اور عوامی مینڈیٹ کے منافی قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف ہر آئینی، قانونی، عدالتی اور سیاسی فورم پر جدوجہد جاری رکھنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح، والدین سے بھرپور تعاون کی اپیل

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے بچی کو حفاظتی قطرے پلا کر 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔

اوستہ محمد، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق، 9 افراد زخمی، دو کی حالت تشویشناک

گنداخہ (آن لائن) سون واہ کے مقام پر کار اور رکشے کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 9 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں

31 اکتوبر 2026ء

پاکستان اور سنگاپور کا قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھانے پر اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالا کرشنن نے جمعہ کو یہاں وزارت خارجہ میں ملاقات کی جس میں مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے پاکستان اور سنگاپور کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 60 سال مکمل ہونے پر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں اعلیٰ سطح کے مسلسل تبادلوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، رابطوں اور ہنرمندی کی ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے، کاروباری اداروں کے درمیان روابط اور دونوں ممالک کے عوام کے باہمی میل جول کو فروغ دینے پر بھی گفتگو کی گئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیر جہتی فورمز پر تعاون اور آسیان کے ساتھ پاکستان کے بڑھتے ہوئے روابط کا بھی جائزہ لیا، خصوصا 2027 میں سنگاپور کی آسیان کی سربراہی کے تناظر میں باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ علاقائی اور عالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے تنازعات کے حل اور پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ بعدازاں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالا کرشنن کو اسلام آباد آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سنگاپور رواں سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ انہوں نے سنگاپور کو آسیان کی رکنیت حاصل کرنے پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ سال سنگاپور کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے جبکہ پاکستان بھی کثیر الجہتی سطح پر اہم ذمہ داری سنبھال رہا ہے اور شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہانِ مملکت کی کونسل کی صدارت سنبھال چکا ہے۔ انہوں نے مئی 2026 میں قبضے میں لیے گئے بحری جہازوں پر سوار پاکستانی شہریوں کی وطن واپسی میں سنگاپور کے تعاون کو سراہتے ہوئے سنگاپور کے وزیر خارجہ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں سنگاپور کے وزیر خارجہ نے انتہائی مہربانی اور بھرپور تعاون کا مظاہرہ کیا، جسے پاکستان قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں تاہم دونوں ممالک کے گہرے سفارتی تعلقات ان کے اقتصادی روابط میں پوری طرح منعکس نہیں ہوتے۔ انہوں نے اپنے 35 سالہ پیشہ ورانہ تجربے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ اقتصادی وزارتوں میں خدمات انجام دیتے ہوئے گزارا ہے اور دو سال قبل وزارت خارجہ کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے پہلے روز ہی اپنے ساتھیوں کو واضح کیا تھا کہ اب اقتصادی سفارت کاری کو ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ کوششوں، باہمی تعاون، روابط کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں سہولت فراہم کر کے اقتصادی تعلقات کو ایک نئی سطح پر لے جا سکتے ہیں۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے پاکستانی حکام کو تربیت کی سہولیات فراہم کرنے پر سنگاپور کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اب تک تقریبا 1500 پاکستانی حکام ان سہولیات سے استفادہ کر چکے ہیں، جسے پاکستان انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کا بنیادی مقصد غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت فراہم کرنا ہے اور بورڈ آف انویسٹمنٹ اور ایس آئی ایف سی کو ضم کر دیا گیا ہے، اس اقدام کے نتیجے میں ممکنہ سرمایہ کاروں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ بورڈ آف انویسٹمنٹ میں سرمایہ کاری کے ممکنہ شعبوں، پروفائلز اور معلوماتی بروشرز سمیت متعلقہ مواد دستیاب ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ سنگاپور میں اپنے ہم منصب اداروں کے ساتھ مل کر سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے موثر کردار ادا کر سکتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے ساتھ تعاون کے معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے اور مہارتوں کی ترقی کے حوالے سے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کیساتھ مفاہمت کی یادداشت کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ آفات سے نمٹنے کے شعبے میں بھی مفاہمت کی ایک یادداشت کا آج تبادلہ کیا جائے گا، پاکستان کی جانب سے اس سلسلے میں تمام ضروری منظوریوں سمیت متعلقہ کارروائی مکمل کر لی گئی ہے اور مفاہمت کی یادداشت کے تبادلے کے بعد ایک ہفتے کے اندر کابینہ سے اس کی توثیق حاصل کر لی جائے گی۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ کثیر الجہتی امور اور مختلف عالمی فورمز پر پاکستان اور سنگاپور کے درمیان بہترین تعاون موجود ہے، دونوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ مسلسل رابطے اور مشاورت کے ذریعے مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ انہوں نے علاقائی امور میں سنگاپور کے وزیر خارجہ کی دلچسپی کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک علاقائی پیش رفت سے متعلق مسلسل رابطے میں رہتے اور معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں۔ نائب وزیراعظم نے بتایا کہ محدود سطح کے اجلاس میں فلسطین، جموں و کشمیر اور عالمی عدالتِ انصاف سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان دوستی اور تعاون کا موجودہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ اس موقع پر سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالا کرشنن نے پاکستان آمد اور اسلام آباد میں قیام کا موقع فراہم کرنے پر نائب وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ یہ دورہ خوشگوار موسم میں ہو رہا ہے۔ سنگاپور کے وزیر خارجہ نے پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ان ابتدائی ممالک میں شامل تھا جنہوں نے سنگاپور کی آزادی کو تسلیم کیا۔ سنگاپور نے حال ہی میں اپنی آزادی کے 61 سال مکمل کیے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ منانا ایک اہم موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے متعدد شعبے موجود ہیں اور ان کے دورے کا مقصد مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال اور عملی پیش رفت کرنا ہے۔

پاکستان کی حفاظت ہر پاکستانی کا حق

خالد اکرام

سرزمین پاکستان ایک امن پسند ریاست ہے، جس نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ علاقائی سلامتی ہو یا عالمی حقوق کی پاسداری، پاکستان کا کردار روز اول سے مثبت اور مثالی رہا ہے۔ پاکستان کے مضبوط دفاعی اور معاشی استحکام سفر کی مثالیں آج امریکہ اور یورپی اقوام بھی دیتی ہوئی نظر آ رہی ہیں۔ تاہم گزشتہ دنوں پاکستان کی جانب سے افغانستان کے صوبہ پکتیکا میں کیے گئے ایک درست اور محدود فضائی حملے کو لے کر ایک منظم اور گمراہ کن پراپیگنڈا مہم شروع کی گئی۔ اس حملے میں پاکستان نے ان دہشت گرد عناصر کو نشانہ بنایا جو اپنی پناہ گاہیں افغان سرزمین پر قائم کیے بیٹھے تھے اور بارہا پاکستان کے اندر دہشتگردی کی کارروائیاں کر چکے تھے۔ الزام لگایا گیا کہ اس حملے میں ایک کرکٹ ٹیم کو نشانہ بنایا گیا، اور بعض بے بنیاد دعوے سوشل میڈیا اور مخصوص حلقوں میں پھیلائے گئے کہ پاکستان نے کھیل کے میدان میں موجود افراد کو نشانہ بنایا۔ یہ سراسر جھوٹ اور پروپیگنڈہ ہے، جس کا مقصد نہ صرف پاکستان کو عالمی سطح پر بدنام کرنا ہے بلکہ ان دہشتگردوں کو بھی تحفظ دینا ہے جو دونوں ممالک کے درمیان امن کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ پکتیکا میں کی جانے والی یہ کارروائی ایک مخصوص خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی تھی، جس میں حافظ گل بہادر گروپ کے خوارج کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ وہی گروہ ہے جس نے حالیہ دنوں میں شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز پر حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ ان دہشتگردوں نے افغان سرزمین کو استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے اندر حملہ کیا، جو کہ ایک سراسر جارحیت ہے اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی بھی۔ جب پاکستان نے ان دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کی تو افغان طالبان حکومت نے بجائے تعاون کرنے کے، الٹا پاکستان کے خلاف جھوٹے بیانیے کو فروغ دیا۔ کرکٹ ٹیم کے نشانے پر ہونے کا دعوی اسی سازش کا حصہ تھا تاکہ خوارج کو ایک انسانی ڈھال فراہم کی جا سکے اور عالمی رائے عامہ کو گمراہ کیا جا سکے۔

جہاں تک یہ سوال ہے کہ کوئی کرکٹ ٹیم نشانہ بنی؟ تو یہ سوال سوائے جھوٹ کے پلندے کے کچھ بھی نہیں۔ اس حملے میں کسی بھی شہری، کھلاڑی یا غیر عسکری ہدف کو نقصان نہیں پہنچا۔ پاکستانی انٹیلی جنس اور عسکری اداروں نے مکمل معلومات حاصل کرنے کے بعد یہ کارروائی کی، جس کا مقصد صرف اور صرف دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو ختم کرنا تھا۔

اس بات کی تصدیق زمینی شواہد اور آزاد ذرائع سے بھی ہو چکی ہے کہ نہ کوئی کرکٹ ٹیم وہاں موجود تھی، نہ ہی کوئی کھیل جاری تھا۔ یہ جھوٹ اس لیے گھڑا گیا تاکہ پاکستان کے قانونی دفاعی اقدامات کو ایک غیر انسانی اقدام کے طور پر پیش کیا جا سکے۔ اور دنیا بھر کی نظر میں پاکستان کے ابھرتے ہوئے مثبت کردار کو داغدار کیا جا سکے۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ افغانستان کی عبوری حکومت، جو خود کو ایک اسلامی حکومت قرار دیتی ہے، وہ خوارج جیسے دہشتگرد گروہوں کو کیوں پناہ دے رہی ہے؟ کیوں ان گروہوں کو اپنی سرزمین استعمال کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے، جو نہ صرف پاکستان بلکہ افغانستان کی اندرونی سلامتی کے لیے بھی ایک خطرہ ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ کچھ حلقے خوارج کو پراکسی فورس کے طور پر استعمال کر رہے ہیں تاکہ پاکستان پر دباؤ برقرار رکھا جا سکے۔ ان دہشتگردوں کو ڈھال بنا کر اپنی سیاسی اور سٹریٹیجک چالیں چلی جا رہی ہیں۔ لیکن یہ عمل خطے کے امن کو مزید خطرے میں ڈال رہا ہے۔ حالانکہ پاکستان نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ وہ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے، چاہے دہشتگرد کسی بھی طرف سے آئیں، اور جہاں بھی چھپے ہوں۔ پاکستان کی مسلح افواج اور انٹیلی جنس ادارے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرنے میں پوری مہارت اور ذمہ داری کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پکتیکا حملہ ایک سنجیدہ، محدود اور درست کارروائی تھی جس میں شہری ہلاکتوں سے بچنے کے لیے مکمل احتیاط برتی گئی۔

پراپیگنڈا ہمیشہ کسی خاص سیاسی یا تزویراتی مقصد کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس کیس میں بھی یہی ہوا۔ افغان طالبان کی حکومت پر بین الاقوامی سطح پر دباؤ؟ بڑھ رہا ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو دہشتگردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ نہ بننے دے۔ ایسے میں جب پاکستان نے خود کارروائی کر کے ان دہشتگردوں کو نشانہ بنایا، تو افغان حکومت کے پاس صرف ایک ہی راستہ تھا کہ اس کارروائی کو جھوٹے بیانیے کے ذریعے متنازع بنا دیا جائے۔ کرکٹ جیسا مقبول کھیل، جس سے جذبات جڑے ہوتے ہیں، کو استعمال کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ پاکستان نے نہ صرف سرحد پار کی بلکہ بے گناہ کھلاڑیوں کو بھی نشانہ بنایا۔ لیکن جب اس جھوٹ کو پرکھا گیا، تو ثابت ہوا کہ یہ صرف ایک افسانہ تھا۔

پاکستان نے نہ صرف اندرون ملک دہشتگردی کا سامنا کیا بلکہ دنیا کے لیے بھی قربانیاں دیں۔ لاکھوں شہریوں، ہزاروں سکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں گواہ ہیں کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر دہشتگردی کو برداشت نہیں کرے گا۔ پکتیکا کی کارروائی اسی تسلسل کا حصہ ہے، اور یہ پیغام ہے کہ چاہے دہشتگرد کہیں بھی چھپیں، پاکستان انہیں نشانہ بنانے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ خارجی پراپیگنڈے، جعلی بیانیے اور دہشتگردوں کے لیے نرم گوشہ رکھنے والوں کو بے نقاب کیا جائے۔ پاکستان کی کارروائی کسی جارحیت کا عمل نہیں تھی بلکہ ایک دفاعی اور ضروری اقدام تھا، جو بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہ کر کیا گیا۔

بیوروکریسی اور شامی صاحب

نسیم شاہد

جناب مجیب الرحمٰن شامی کا جب بھی فون آیا ہے میں سمجھ جاتا ہوں آج کالم میں کوئی اونچ نیچ ہو گئی ہے یا پھر وہ میرے کسی نکتے سے متفق نہیں ہیں۔ ان کا انداز ایسا نہیں ہوتا جیسے وہ ایک چیف ایڈیٹر کی حیثیت سے ڈانٹ رہے ہوں بلکہ ایسا ہوتا ہے کہ جیسے ایک مہذب اختلاف کرنے والے کا ہوتا ہے۔ سچی بات ہے مجھے ان کی کال سے ایک نئی انرجی، ایک نئی سوچ ملتی ہے آج کل میں چونکہ سیاسی سے زیادہ سوشل موضوعات پر لکھ رہا ہوں اس لئے قاری کی طرف سے ردعمل بھی زیادہ آتا ہے۔ میں بیوروکریسی کے کردار پر تسلسل کے ساتھ کئی کالم لکھ چکا ہوں۔ مقصد صرف یہی ہوتا ہے کہ ملک کے اس عظیم ادارے سے وابستہ افسروں کو احساس دلایا جائے کہ وہ عوام کی توقعات پر پورا اتر کر اس ملک میں انقلاب لا سکتے ہیں اب چونکہ بیوروکریسی کا حال کچھ اچھا نہیں اور وہ عوامی اعتماد حاصل کرنے میں مسلسل ناکام ثابت ہو رہی ہے، بلکہ اس تاثر کو بھی ختم نہیں کر سکی کہ وہ عوام سے دوری میں اپنے لئے راحت محسوس کرتی ہے یا افسر نازک مزاجی کی حد تک اس پروٹوکول کے عادی ہو چکے ہیں، جو انہیں عوام کے قریب نہیں آنے دیتا۔ اس موضوع پر اپنے پچھلے کالم میں میں نے سی ایس ایس کے امتحان میں عام گھرانوں کے نوجوانوں کی کامیابی پر لکھتے ہوئے یہ سوال اٹھایا تھا کہ یہ نوجوان بیوروکریسی کا حصہ بن کر اپنے اس طبقے کو کیوں بھول جاتے ہیں یا اس سے کیوں دور ہو جاتے ہیں، جو پسماندہ اور مسائل میں گھرا ہوا ہے اور 78 برسوں سے راہ دیکھ رہا ہے کہ کوئی آئے اور اس کے مسائل پر بھی توجہ دے۔ کم از کم ایسی گڈ گورننس ہی دے دے جو اس کو رشوت، سفارش اور اقربہ پروری سے نجات ہی دلا دے۔ جناب مجیب الرحمٰن شامی نے فون کیا تو سب سے پہلے یہ سوال پوچھا کیا آپ اس بات کو مانتے ہیں کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے سی ایس ایس کے امتحان میں شفافیت ہے۔ میں نے کہا سو فیصد ہے، یہ واحد امتحان ہے جس پر انگلی نہیں اٹھائی جا سکتی اور عام گھرانوں کے نوجوانوں کی اس میں کامیابی اس کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ اس پر انہوں نے کہا تو اس کا مطلب یہ ہے بیوروکریسی کی بنیاد تو ٹھیک رکھی جاتی ہے۔ ان میں سفارشی، نااہل اور کند ذہن جگہ نہیں پا سکتے۔ واقعی جو نوجوان ملک میں ذہانت کی معراج پر ہوتے ہیں، ان کا انتخاب کیا جاتا ہے یہاں میں نے کہا سر یہی تو اصل نکتہ ہے کہ اتنی ذہانت اور میرٹ پر بھرتی ہونے کے باوجود یہ نوجوان بیوروکریسی کا حصہ بن کر اپنی خرابیوں اور کمزوریوں کا شکار ہو جاتے ہیں، جن کی وجہ سے بیوروکریسی عوام کی نظر میں معتوب ٹھہرتی ہے۔

جناب مجیب الرحمٰن شامی ہمیشہ ایک باریک نکتہ نکالتے ہیں، انہوں نے پوچھا کیا جو نئے افسر بھرتی ہوتے ہیں، ان کے پاس اتنی طاقت یا صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ پہلے سے جاری نظام کے خلاف کہ وہ پہلے سے جاری نظام کے خلاف بغاوت کر سکیں۔ وہ نظام کا سب سے چھوٹا کل پرزہ ہوتے ہیں وہ نظام کے خلاف چلیں گے تو خود باہر ہو جائیں گے۔ ان کا قصور تلاش کرنے کی بجائے یہ دیکھا جائے کہ نظام کو اس رنگ میں کس نے ڈھالا ہے کہ وہ عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے قابل ہی نہیں رہا۔ ہم ہر خرابی کا باعث بیوروکریسی کو قرار دیتے ہیں، کیا بیوروکریسی اتنی آزاد ہے کہ خود فیصلے کر سکے۔ میں نے یہاں اپنی رائے دی کہ کم از کم اپنے ادارے کو بچانے کے لئے بیوروکریسی کو کچھ تو کرنا چاہیے۔ اس پر شامی صاحب نے کہا آپ تاریخ کا مطالعہ کریں۔ بیوروکریسی کو سب سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو نے کمزور کیا۔ اس کی آزادی چھین لی اور اسے سیاستدانوں کے تابع فرمان کر دیا۔ اس پر مجھے یاد آیا کہ جب میں طالب علم تھا اور پیپلز پارٹی کا کارکن بنا ہوا تھا تو ہمیں اس وقت کے رہنماؤں نے اکسایا تھا کہ اگر کوئی سرکاری افسر آپ کی بات نہ مانے تو اسے دفتر میں گھس کے ماریں، پھر ہم نے دیکھا ایسے کئی واقعات بھی ہوئے۔ بھٹو کہتے تھے طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔ کارکنوں نے سمجھ لیا کہ انہیں طاقت کا سرچشمہ کہا گیا ہے۔ اس مداخلت سے دفتری نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا تھا۔ جلد ہی بھٹو کو احساس ہو گیا کہ یہ فیصلہ درست نہیں، انہوں نے غیر محسوس طریقے سے کارکنوں کو دوبارہ پنجرے میں بند کرنے کی کوشش کی۔ مجیب الرحمٰن شامی صاحب کا کہنا تھا بیوروکریسی کو آزادی سے کام کرنے کا موقع کبھی دیا ہی نہیں گیا اسے سیاستدانوں نے ایک آلہ کار کے طور پر استعمال کیا، لیکن جب بھی بری کارکردگی کا الزام لگا تو سیاستدانوں نے بیوروکریسی پر نزلہ گرایا اور خود صاف بچ گئے۔

میں نے کہا سر آپ کی بات درست ہے مگر ایک حقیقت تو ہے ناں کہ حکومت بیوروکریسی کو قرار دیا گیا ہے، سیاستدان حتیٰ کہ حکمران بھی جو فیصلہ کریں اس پر عملدرآمد بہر طور کسی سرکاری افسر کے دستخط سے ہوتا ہے۔ کوئی سیاستدان کرپشن نہیں کر سکتا، جب تک کوئی سیکرٹری، کمشنر یا ڈپٹی کمشنر اس کے منصوبوں کی منظوری نہ دے، ان کے بل پاس نہ کرے یہاں تو بیوروکریسی کے پاس گنجائش ہوتی ہے کہ وہ غلط حکم نہ مانے اور ڈٹ جائے۔ مجیب الرحمٰن شامی صاحب نے کہا آپ کس دنیا میں رہتے ہیں، یہاں کس افسر کی جرات ہے وہ فیصلے پر ڈٹ جائے۔ افسر تو قطاروں میں کھڑے ہیں کہ انہیں پوسٹنگ ملے جو کوئی رکاوٹ بنے اسے تو عمر بھر پوسٹنگ نہیں ملتی اور وہ افسر بکار خاص بن کر سروس پوری کر لیتا ہے، کوئی اس لئے تو سی ایس ایس نہیں کرتا کہ ساری زندگی معطل افسر کے طور پر گزار دے۔ جہاں ذرا سی بات پر تبدیلی کا پروانہ مل جاتا ہو، وہاں کسی افسر کی جرات ہے کہ وہ حرف انکار زبان پر لائے۔ میں نے کہا سر اس پر تو بیوروکریسی کو اجتماعی طور پر ردعمل دینا چاہیے۔

کیا وزیراعلیٰ پنجاب بات سُنیں گی؟

نجم ولی خان

کیا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بات سنیں گی کہ بسنت ایک خونی کھیل ہے، اس کے فائدے کم اور نقصان زیادہ۔ یہ ہو سکتا ہے کہ کچھ لونڈوں لپاڈوں اور شوقے نودولتیوں کی حمایت اس سے حاصل ہو جائے مگر کس قیمت پر، اپنے بچوں کی زندگیوں کی قیمت پر، ان کے سامنے جس نے بھی یہ سودا رکھا ہے بہت مہنگا رکھا ہے کیونکہ اس کا حساب دنیا میں ہی نہیں آخرت میں بھی ہوگا۔ میں نے اس پر بہت سوچا کہ میں اس پر کالم لکھوں یا نہیں مگر جب میں صرف بسنت کی اجازت کی مبینہ اطلاعات پر قتل شروع ہوتے دیکھے تو میرا دل دہل گیا اور مجھے وہ بہت سارے برس یاد آ گئے جب ہم کچھ عیاشوں کی عیاشی کی قیمت میں اپنے بچوں اور نوجوانوں کے جنازے اٹھاتے رہے۔

اس پر کچھ دوستوں کا یہ سوال الگ ہے کہ وزیراعلیٰ جو کرنے کی ٹھان لیتی ہیں وہ کر کے رہتی ہیں، کیا وہ بات سنیں گی تو میرا جواب تھا کہ میرا فرض ہے کہ اپنے تجربے، ایمان اور ضمیر کی روشنی میں بہترین مشورہ دے دوں، اس کے بعد اپنی رعیت کے بارے وہ خود جوابدہ ہیں۔ یہ وہ دوست تھے جنہوں نے بتایا تھا کہ پنجاب حکومت گاڑیوں کی نمبر پلیٹیں، گاڑیوں کی بجائے مالکان کو جاری کرنے جا رہی ہے۔ اب ہر مرتبہ گاڑی کی ملکیت بدلنے کے ساتھ اس کا نمبر بھی بدل جائے گا۔ ان کا سوال تھا کہ کیا ہم نے اپنے گاڑیوں کے نمبر لگانے والے محکمے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو اتنا ایفیشنٹ اور کرپشن فری کر لیا ہے کہ ہر ٹرانسفر پر نئی نمبر پلیٹ جاری ہو جائے کیونکہ اب تک نئی گاڑیوں کی دو دو برس تک نمبر پلیٹیں نہ ملنے کی شکایت رہی ہے جس سے ایکسائز سے ٹریفک پولیس تک کی چاندی ہوتی رہی ہے۔ اب صرف نئی گاڑی نہیں بلکہ ہر ٹرانسفر پر پنجاب کے عوام کو ایک نئی خواری کا سامنا کرنا پڑے گا، نمبر پلیٹ کی خواری۔

بہرحال بات بسنت کے حوالے سے ہو رہی ہے اور دعویٰ ہے کہ اسے محفوظ بنایا جا سکتا ہے مگر میں دو سو فیصد کنوینس ہوں کہ بسنت محفوظ ہو ہی نہیں سکتی، یہ بہر صورت جان لیوا ہوگی۔ پنجاب میں آخری باقاعدہ بسنت پرویز مشرف نے چوہدری پرویز الٰہی کو حکم دے کر منوائی تھی اور اس بسنت نے بھی ایک درجن سے زائد نوجوانوں کی جان لے لی تھی۔ میں بطور رپورٹر اس وقت ایوان وزیراعلیٰ میں موجود تھا جب چوہدری پرویز الٰہی ہر مرنے والے بچے کے والدین کو کچھ لاکھ کے چیک دے رہے ہیں اور وہ ماں باپ وزیراعلیٰ سے روتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ انہیں یہ چند لاکھ نہیں چاہئیں، انہیں ان کے بچے واپس کر دیں جو ایک حکمران کی رنگین مزاجی کی بھینٹ چڑھ گئے۔ کہا جا رہا ہے کہ محفوظ ڈور اور پتنگوں کو یقینی بنایا جائے گا اور میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں اب کوئی بھی ڈور محفوظ نہیں ہے چاہے اس میں کیمیکل کا استعمال ہو یا نہ ہو اور اگر کسی کو یقین نہ ہو تو حکومت کی کوئی بھی سرٹیفائیڈ ڈور اپنے بچے کے گلے پر، چاہے سائیکل پر بٹھا کے ہی سہی، پھیر کے دیکھ لے اور اگر وہ نرم و نازک گلا ایسے نہ کٹ جائے جیسے چھری کے ساتھ کیک کا ٹکڑا یا مکھن کا ڈلا کٹ جاتا ہے تو میں اپنے موقف سے پیچھے ہٹ جاؤں گا۔ دوسری بات یہ کی جا رہی ہے کہ بسنت کو مخصوص علاقوں تک محدود رکھا جائے گا جو دیوانے کا خواب ہے۔ زمینی حقائق یہ ہیں کہ سولہ سترہ برس سے پتنگ بازی پر پابندی ہونے کے باوجود آج بھی ڈور لگ رہی ہے اور گڈی بن رہی ہے اور اگر ایک مرتبہ اس کی اجازت مل گئی تو پھر گلی گلی محلے محلے اس کے پھیلاؤ پر قابو پانا ممکن ہی نہیں رہے گا۔ یہ پولیس کے بس کی بات ہی نہیں ہے کہ وہ پتنگ بازی کو کسی ایک علاقے تک محدود رکھ سکے۔ رہ گئی بات کہ بسنت والے علاقوں میں موٹر سائیکلوں کا چلنا ممنوع کر دیا جائے گا تو اس پر وہی شعر کہا جا سکتا ہے کہ سنگ آزاد ہوں گے اور سگ قید۔ آپ موٹر سائیکلوں پر گلے کٹنے سے بچا لیں گے مگر جو دیواریں پھلانگتے، سڑکوں پر گڈیاں لوٹتے اور چھتوں سے گر کے ہلاک ہوں گے یا جنہیں دھاتی تاروں کے گرنے سے کرنٹ لگنے سے مرنے کا سامنا ہوگا، ان کے بارے کیا خیال ہے۔

ایک وقت تک یہ دلیل دی جاتی رہی کہ ڈور اور پتنگوں کی تیاری سے کئی خاندانوں کا روزگار جڑا ہوا ہے مگر اب ڈیڑھ عشرہ سے زائد کی پابندی کے بعد یہ دلیل بھی موثر نہیں رہی کیونکہ ان تمام خاندانوں نے متبادل کاروبار ڈھونڈ لئے ہیں اور یوں بھی یہ کیا دلیل ہوئی کہ کسی کا روزگار قتل سے جڑا ہے یا منشیات سے۔ منشیات سے یاد آیا کہ بسنت کتنا اچھا تہوار ہے اس کا اسی سے اندازہ لگا لیں کہ اس کی آمد پر ہلڑ بازی ہی نہیں، شراب کی فروخت بھی کتنی بڑھ جاتی تھی۔ میڈیا پر بہت سارے لوگ بسنت کو رنگوں اور خوشیوں سے جوڑ رہے ہیں، مثالیں دی جا رہی ہیں کہ اس سے معیشت کو بہت فائدہ ہوگا، ہوٹل بھر جائیں گے، پکوان بکیں گے مگر مجھے کہنے دیجئے کہ رنگوں اور خوشیوں سے زیادہ، معززین اور شرفا کی بجائے لوفروں اور لفنگوں لوگوں کا تہوار ہے جس میں گھروں کی چھتوں پر کھڑے ہو کے دوسروں کے گھروں میں جھانکا جاتا ہے اور بہنوں بیٹیوں کو تاڑتے ہوئے گانے گائے جاتے ہیں کہ دل ہوا بوکاٹا۔ اس بسنت کے بعد وزیراعلیٰ کی سی سی ڈی کتنے لوگوں کے نیفوں میں پستول چلا سکے گی مجھے تو اس بارے صحیح طور پر اندازہ لگانا بھی ممکن نہیں لگ رہا، یہ کئی ہزار بھی ہو سکتے ہیں اور کئی لاکھ بھی۔ حکومت لیسکو سے ہی پوچھ لے کہ اس کا اس طوفان بدتمیزی سے کتنا نقصان ہوگا۔ میں آپ کو پورے یقین سے کہتا ہوں کہ ہم سب جو میڈیا پر بیٹھ کے بسنت منانے کے فیصلے کو عین ثقافتی اور معاشی انقلاب کہتے ہوئے اس کے حق میں دلائل دے رہے ہوں گے انہی سکرینوں پر ایک بھی بچہ مرنے پر ہم سب ہی جو ماتم کر رہے ہوں گے وہ اس سے کہیں زیادہ بلند اور شور والا ہوگا جس میں بسنتی قتلوں کی ذمے داری حکومت پر ہی عائد کی جا رہی ہوگی۔ مان لیجئے کہ ہم سب اتنے مہذب اور اتنے اچھے نہیں ہوئے کہ قانون کی پابندی کریں۔ ابھی تک ہم اسی اشارے پر رکتے ہیں جس پر حکومت نے کیمرے لگا رکھے ہیں ورنہ قانون ہمارے پاؤں کی ٹھوکر میں ہوتا ہے۔

افغانستان... فاتحین کا قبرستان یا چراگاہ؟

سید بدر سعید

پاک افغان کشیدگی کے حوالے سے بہت سے لوگ سوشل میڈیا پر حیرت کا اظہار کرتے نظر آئے۔ بحیثیت مجموعی ہم خوابوں اور دعووں کے اسیر رہے ہیں۔ کابل میں چائے کا کپ پینے کی تصویر ہو یا لاہور مینار پاکستان کے کسی جلسہ عام میں لگایا گیا جذباتی نعرہ ہو، ہمارے یہاں یہ سمجھا جاتا رہا کہ افغانستان ہمارے ساتھ ہے۔ اس میں دو رائے نہیں کہ افغانستان میں بھارتی لابی زیادہ مضبوط رہی ہے۔ میں نے ایک بار جنرل حمید گل مرحوم کا انٹرویو کیا تو انہوں نے واضح کہا تھا افغانستان ٹھکانہ اور پاکستان نشانہ ہے۔ افغانستان میں قید رہنے والے پاکستانی صحافی فیض اللہ بخوبی جانتے ہیں کہ افغانیوں میں پاکستان مخالف جذبات پائے جاتے ہیں۔ یہ بات افغان امور کے ماہرین بھی جانتے ہیں۔ نجیب اللہ ہو یا کرزئی حکومت ہو، کابل سرکار بھارت نوازی رہی ہے۔ اب کابل میں طالبان کی حکومت ہے لیکن عوامی اور سرکاری سطح پر صورت حالات اتنی تبدیل نہیں ہوئی۔ پاکستان پر براہ راست جنگ مسلط کرنے والوں کو تو اب یہی سمجھ نہیں آ رہی کہ امریکی صدر کے اس ڈھول کا کیا کریں جو ہر جگہ جا کر سات بھارتی رافیل گرانے کا نعرہ لگا رہا ہے۔ اتنا تو پاکستان نے ڈھنڈورا نہیں پیٹا جتنا امریکی صدر نے پیٹ دیا ہے۔ پاک بھارت جنگ کے بعد افغانستان کو بیس کیمپ بنا کر پاکستان پر حملہ کیا گیا تو اس پر بھی منہ کی کھانا پڑی۔ اکثر افغان مورخین اور دانشور دعویٰ کرتے ہیں کہ افغانستان ایک ایسا ملک ہے جسے کبھی کوئی مکمل طور پر فتح نہیں کر سکا۔ ان کے مطابق یہ وہ سرزمین ہے جسے دنیا فاتحین کا قبرستان کہتی ہے۔ مگر تاریخ کے اوراق کھولے جائیں تو ایک مختلف حقیقت سامنے آتی ہے۔ تاریخی سچ یہ ہے کہ افغانستان فاتحین کا قبرستان ہے اور نہ ہی ناقابل تسخیر ملک رہا ہے بلکہ یہ ہمیشہ سے فاتحین کی چراگاہ رہا ہے۔ صدیوں سے مختلف سلطنتیں اور بیرونی طاقتیں یہاں آتی رہیں، حکومت کرتی رہیں، اپنی تہذیبیں چھوڑ کر واپس چلی گئیں۔ افغان قیادت اکثر اوقات کسی نہ کسی طاقت کے ہاتھوں کی کٹھ پتلی بنی رہی اور عوام بیرونی اثرات کے نیچے دب کر رہ گئے۔ پاک افغان جنگ کے دوران میں نے ایک بار پھر افغانستان کے ناقابل تسخیر ہونے اور سپر پاورز کے قبرستان بننے کے دعوی کو پرکھا۔ مجھے افغانستان کے قبرستانوں میں افغانیوں کی لاشیں ہی نظر آئیں۔ اگر ہم تاریخ کی ترتیب دیکھیں تو سب سے پہلے 550 قبل مسیح میں ہخامنشی سلطنت (فارسی سلطنت) نے افغانستان پر قبضہ کیا۔ اس کے بعد 330 قبل مسیح میں یونان کے مشہور بادشاہ سکندر اعظم نے یہاں حکومت قائم کی۔ پھر سلوقی سلطنت (323 تا 250 قبل مسیح) موریا سلطنت (305 تا 185 قبل مسیح) اور یونانی بختر سلطنت (250 تا 155 قبل مسیح) نے یہاں اپنی حکومتیں بنائیں۔ یہ تمام ادوار اس بات کی واضح دلیل ہیں کہ افغانستان کا اپنا کوئی مقامی اقتدار اس وقت موجود نہیں تھا۔ یہ خطہ مختلف بیرونی طاقتوں کے درمیان جنگوں اور حکمرانی کا مرکز رہا۔ اسلام سے قبل کے درمیانی صدیوں میں بھی افغانستان غیر ملکی سلطنتوں کے زیر اثر رہا۔ ساسانی سلطنت ((230 تا 650 عیسوی)) نے یہاں حکومت کی جس کے بعد سفید ہنوں ((450 تا 565 عیسوی)) نے قبضہ جمایا۔ پھر ترک شاہی خاندان ((600 تا 850 عیسوی)) نے بامیان اور کابل پر حکومت کی۔ یہ وہ دور تھا جب افغانستان کے قبائل کمزور اور منتشر تھے اور کوئی بھی مقامی طاقت ملک کی قیادت کے قابل نہیں سمجھی جاتی تھی۔ اس کے بعد اسلامی دور کا آغاز ہوا تو بھی افغانوں کو خود مختاری حاصل نہ ہو سکی۔ غوری سلطنت ((1148 تا 1215)) کے بعد منگولوں ((1219 تا 1350)) نے افغانستان پر قبضہ کیا۔ چودھویں سے سترھویں صدی تک افغانستان کبھی مغل سلطنت کا حصہ رہا اور کبھی صفوی سلطنت (ایران) کے زیر اثر۔ افغانوں نے اس دور میں بھی اپنی الگ ریاست قائم نہیں کی بلکہ وہ بڑی سلطنتوں کے تابع رہے۔ اٹھارہویں صدی میں اگرچہ درانی سلطنت ((1747 تا 1823)) کے قیام کے بعد افغانستان کو وقتی آزادی ملی مگر یہ بھی بیرونی طاقتوں کے توازن کا نتیجہ تھی۔ انیسویں صدی میں برطانوی سلطنت ((1839 تا 1919)) نے افغانستان پر اثر جمایا۔ تین بڑی افغان انگریز جنگیں ہوئیں اور کٹھ پتلی افغان بادشاہ انگریزوں کی مرضی سے آتے اور جاتے رہے۔ اس کے بعد 1979 میں روس نے افغانستان پر حملہ کیا اور پورے دس سال تک ((1979 تا 1989)) افغانستان روسی تسلط میں رہا۔ اس دوران افغان قیادت روسی اور امریکی مفادات کی جنگ کا حصہ بنی رہی جبکہ عوام بدترین تباہی کا سامنا کرتے رہے۔ تاریخی سچ یہ ہے کہ آج کا افغانستان کسی ایک قوم کا ملک نہیں رہا بلکہ چودہ مختلف اقوام کا مجموعہ بن چکا ہے۔ ان میں پشتون، تاجک، ہزارہ، ازبک، ترکمن، ایماق، بلوچ، نورستانی، قزلباش، عرب، گوجر، قزاق، قرغیز اور پامیری شامل ہیں۔ یہ نسلی تنوع دراصل صدیوں پر محیط بیرونی حملوں اور سلطنتوں کے اثرات کا نتیجہ ہے۔ ہر دور کی طاقت نے اپنی قوم، اپنی زبان اور اپنی ثقافت افغانستان میں داخل کی اور یہ ملک ایک مخلوط نسلی و ثقافتی خطہ بن گیا۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون 081-2470990 فیکس۔ 081-2470991 بیورو چیف گوادر عبدالغفور بلوچ، پولٹ نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر۔ 0332-236423۔ میاں جراک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل نمبر۔ 0300-9847010 فون نمبر۔ 051-8311430 فیکس نمبر۔ 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شمال بقیہ 1

ٹرمپ کی جانب سے پاکستان پر غیر معمولی مہربانی کا معاملہ تھا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایمل ولی خان نے کہا کہ ہم نے تو کوئی ایسی جنگ نہیں دیکھی، ٹرمپ کبھی چھ، سات اور کبھی آٹھ طیارے گرانے کے دعوے کرتے ہیں۔ انہیں سمجھ نہیں آتی کہ وہ کس وجہ سے پاکستانی قیادت پر اتنے مہربان ہیں اور ہر مرتبہ پاکستان کی جانب سے گرائے گئے بھارتی طیاروں کی تعداد میں ایک کا اضافہ کر دیتے ہیں۔ ایمل ولی خان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی کشیدگی کو وہ جنگ نہیں سمجھتے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کوئی جنگ نہیں ہوتی کہ ایک فریق چھ جہاز اڑانے اور دوسرے تین راکٹ داغنے کا دعویٰ کرے۔ انہوں نے کہا کہ آج کل اگر ایک ڈرون بھی گر جائے تو اس کا ملبہ سامنے آجاتا ہے، لیکن اس مبینہ جنگ میں صرف چند پرزے دکھائے گئے اور اسے بڑی جنگ قرار دے دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ خدانہ کرے پاکستان اور بھارت کے درمیان حقیقی جنگ ہو، کیونکہ جنگ کی تباہ کاریوں کی مثال ایران اور امریکہ کے درمیان ہونے والی لڑائی ہے، جہاں ایران تباہ و برباد ہو گیا۔ ایمل ولی خان نے مزید کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے پاکستانی قیادت کیلئے مسلسل تعریف اور حمایت بھی کئی سوالات کو جنم دیتی ہے۔

شمال بقیہ 2

کے نوجوانوں کو یہ پیغام دیا ہوگا کہ انہیں میرٹ پر بھرتی کیا جائے گا، میرٹ پر ذمہ داریاں سونپی جائیں گی اور وہ کسی سیاسی مداخلت کے بغیر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مطابق خدمات انجام دے سکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد میں بلوچستان پولیس میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس آف پولیس (ڈی ایس پیز) کی تربیت مکمل ہونے پر منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نیشنل پولیس اکیڈمی کے کمانڈنٹ آئی جی پی سعد بھروانہ نے سپاسنامہ پیش کیا۔ تقریب میں آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، بلوچستان پولیس کے تربیت مکمل کرنے والے افسران، مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء، پولیس سروس آف پاکستان اور نیشنل انٹیلی جنس بیورو کے افسران بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرٹ اور پیشہ ورانہ آزادی کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ پولیس افسران خود کو عوام سے بالاتر یا کسی حاکم کی حیثیت میں تصور کرنے لگیں۔ پولیس افسران ریاست اور عوام کے خادم ہیں، انہیں نہایت دیانت داری، عزت و وقار اور احساس ذمہ داری کے ساتھ بلوچستان کے عوام کی خدمت کرنا ہوگی۔ آج ان کے کندھوں پر پہلے سے زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، کیونکہ بلوچستان کو مکمل طور پرامن قرار دیا جا چکا ہے۔ یہ ایک بڑی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم موقع بھی ہے اور ہمیں ثابت کرنا ہے کہ یہ فیصلہ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل اور صوبے میں مؤثر امن و امان کے قیام کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے تربیت مکمل کرنے والے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ یہ نوجوان افسران اپنے کردار، پیشہ ورانہ طرز عمل، فرائض کی ادائیگی اور درپیش چیلنجز کا جرات مندانہ مقابلہ کرکے صوبے اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ پولیس کی بنیادی ذمہ داری منظم جرائم کا خاتمہ ہے، تاہم موجودہ حالات میں دہشت گردی بھی ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ دہشت گردوں کے چھوٹے گروہ تشدد اور معصوم شہریوں کے قتل کے ذریعے پاکستان کو تقسیم کرنے کے مذموم عزائم رکھتے ہیں، لیکن بلوچستان حکومت اور پولیس اس جنگ سے پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف پاک فوج اور دہشت گرد عناصر کے درمیان کوئی محدود لڑائی نہیں بلکہ یہ پوری ریاست اور معاشرے کی جنگ ہے، جس میں سول سوسائٹی، پولیس، بیوروکریسی، سیاستدانوں اور عدلیہ سمیت تمام اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ بلوچستان پولیس اس جنگ میں اگلے محاذ پر کھڑی ہوگی اور اپنے وطن کے دفاع کی ذمہ داری پوری جرات اور عزم کے ساتھ نبھائے گی۔ آج مادر وطن کو ان نوجوان افسران کی صلاحیتوں، بہادری اور قربانی کے جذبے کی ضرورت ہے۔ انہیں یقین ہے کہ بلوچستان پولیس اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور لازوال قربانیوں کے ذریعے معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے تشدد پسند عناصر کو شکست دے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس نے قیام امن کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں اور وطن عزیز کے تحفظ کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے پر ہمیں کوئی افسوس نہیں بلکہ فخر ہے۔ آنے والے دنوں میں بھی پولیس افسران کو بلاخوف و خطر دہشت گردی کے خلاف صف اول میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور یہ ثابت کرنا ہوگا کہ چند تشدد پسند عناصر پاکستان کو تقسیم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان کے سامنے ہتھیار ڈالنے اور تشدد کا راستہ ترک کرنے والوں کے لیے ہمیشہ دروازے کھلے ہیں، تاہم جو عناصر بندوق کے زور پر اپنے نظریات مسلط کرنا چاہتے ہیں، انہیں ایسا ہرگز نہیں کرنے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ طاقت کے استعمال کا جائز اور قانونی اختیار صرف ریاست کے پاس ہے اور پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے، نیم فوجی دستوں اور مسلح افواج کے اہلکار ریاست کی اسی ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے ملک کے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں۔ بلوچستان پولیس کے سربراہ محمد طاہر کی قیادت میں پولیس فورس دہشت گردوں، جرائم پیشہ عناصر اور معاشرے میں بدامنی و فساد پیدا کرنے والوں کے خلاف مؤثر کردار ادا کرے گی۔ صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے، دہشت گردی اور جرائم کے خاتمے اور پولیس کے لیے سازگار پیشہ ورانہ ماحول کی فراہمی میں ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران کو پاکستان کی بہترین پولیس اکیڈمی میں تربیت کے مواقع فراہم کرنا قابل تحسین اقدام ہے۔ انہوں نے نیشنل پولیس اکیڈمی کے کمانڈنٹ، تربیت کاروں اور عملے کی خدمات کو بھی سراہا جنہوں نے دن رات محنت کرکے افسران کی جسمانی، اخلاقی اور پیشہ ورانہ تربیت مکمل کرائی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تربیت مکمل کرکے بلوچستان واپس جانے والے افسران اپنی عملی کارکردگی سے اکیڈمی، اساتذہ اور تربیت کاروں کی محنت کو کامیاب ثابت کریں گے اور ایک باصلاحیت، ذمہ دار اور باوقار پولیس افسر کی حیثیت سے اپنی شناخت بنائیں گے۔ تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تربیت مکمل کرنے والے بلوچستان پولیس کے ڈی ایس پیز میں تکمیل تربیت کے سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے۔ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی بہترین پروبیشنر مس قرۃ العین کو اعزازی تلوار (سورڈ آف آنر) سے نوازا گیا۔ وزیراعلیٰ نے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء، پولیس سروس آف پاکستان اور نیشنل انٹیلی جنس بیورو کے افسران میں بھی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ وزیراعلیٰ نے تربیت مکمل کرنے والے تمام افسران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی دعائیں اور مکمل تعاون ان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے پاکستان پولیس اکیڈمی کی دعوت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے عزم کا اعادہ کیا۔

شمال بقیہ 3

نے کہا کہ فلسطین و کشمیر کے تنازعات پر قرآن و سنت کی روشنی میں واضح پالیسی کی ضرورت ہے، مسلم اقلیتوں کے لیے عالمی پلیٹ فارم قائم کیا جائے، تاہم اسلامی ممالک کے درمیان کشیدگی کا خاتمہ باہمی تعاون اور مشترکہ مفادات کے تحفظ سے ہی ممکن ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ صیہونیت امت مسلمہ کے اختلافات سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرنا چاہتی ہے، لہٰذا ہمیں مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی دشمن کی سازش کو ناکام بنانا ہوگا، مسلمان سکالرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسلم عوام اور حکمرانوں کو مشکلات سے نکالنے کے لیے واضح لائحہ عمل دیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ملی یکجہتی کونسل کا 70 نکاتی ضابطہ اخلاق ثابت کرتا ہے کہ مکالمے سے بڑے اختلافات حل ہو سکتے ہیں، مسلم ممالک کو اپنے وسائل تعلیم، انصاف، معاشی خوشحالی اور ٹیکنالوجی پر خرچ کرنے چاہئیں، دنیا میں دو ارب مسلمانوں میں ایک ارب خواتین ہیں، ان کے مسائل کا حل عصری تقاضوں کے مطابق تلاش کرنا ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ملازمت پیشہ خواتین کو موجودہ حالات میں گھروں تک محدود نہیں کیا جاسکتا، کرپٹو کرنسی سمیت جدید معاشی و مالیاتی معاملات پر قرآن و سنت کی روشنی میں رہنمائی ضروری ہے، جنریشن زی کو سمجھے بغیر فیصلے کیے تو آنے والی پوری نسل کو کھو دیں گے، نوجوانوں کے سوالات کے جوابات روایتی طریقے سے دینا ممکن نہیں، نئی حکمت عملی درکار ہے۔ انہوں نے ہندوستان سمیت دنیا بھر میں آباد مسلم اقلیتوں کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ اہم عالمی و علاقائی چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے کانفرنس کے تحت ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی جانی چاہئیں۔ کانفرنس میں ترکی، سوڈان، موریطانیہ، اردن، انڈونیشیا اور لیبیا سمیت مختلف ممالک سے 200 سے زائد مسلم اسکالرز شریک ہوئے۔

شمال بقیہ 4

عوام کے لیے یکجہتی اور محبت کے خصوصی جذبات پہنچائے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور سٹریٹجک شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان نے ٹیکس نیوٹرل بانڈڈ سٹوریج پالیسی کی منظوری دے دی ہے، پالیسی کے تحت سعودی کمپنیوں کو تجارتی بنیادوں پر تیل کے ذخائر قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی سہولیات سے سعودی عرب کو آبنائے ہرمز اور آبنائے باب المندب سے منسلک بحری ترسیل کے خطرات میں تنوع لانے اور ایشیائی منڈیوں تک رسائی میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے حب بلوچستان میں بڑے پٹرولیم سٹوریج اور ریفائننگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز کی معاونت سے تیار کی جانے والی اس مجوزہ سہولت میں خام تیل بردار بہت بڑے بحری جہازوں کو لنگر انداز ہونے کی سہولت فراہم کی جائے گی اور یہ وسطی ایشیائی و چینی منڈیوں کو خدمات فراہم کرنے والی علاقائی توانائی راہداری کے طور پر پاکستان کی صلاحیت کو مستحکم بنائے گی۔

شمال بقیہ 5

دوڑنے کے بعد اڑنے کے بجائے جھٹکے کھاتے ہوئے رن وے کے آخری حصے میں رک گیا۔ واقعے کے بعد پرواز منسوخ کرکے تمام مسافروں کو آف لوڈ کردیا گیا، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے پرواز کو اب کل صبح روانہ کیے جانے کا بتایا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آج 30 اکتوبر 2026 کو ایئر عربیہ کی شارجہ سے کوئٹہ آنے والی پرواز G9 567 اپنے مقررہ شیڈول کے مطابق کوئٹہ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچی۔ پرواز نے مسافروں کو اتارنے کے بعد تقریباً ایک بجے کے قریب شارجہ کے لیے دوبارہ روانہ ہونا تھا، تاہم ٹیک آف کے دوران جہاز کے دونوں انجنوں میں اچانک فنی خرابی پیدا ہوگئی اور انجن بند ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق جہاز نے ٹیک آف کے لیے رن وے پر تیزی سے دوڑنا شروع کیا، تاہم پرواز بھرنے کے مرحلے میں اچانک انجنوں نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ انجن بند ہونے کے باعث جہاز نے فضا میں بلند ہونے کے بجائے رن وے پر ہی رفتار کم کی اور جھٹکے کھاتے ہوئے رن وے کے آخری مقام پر جاکر رک گیا۔ واقعے کے دوران جہاز میں موجود مسافروں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ ایک مسافر کے مطابق جہاز جب رن وے پر تیزی سے دوڑ رہا تھا اور اڑنے ہی والا تھا کہ اچانک انجن بند ہوگئے، جس کے بعد جہاز لڑکھڑانے لگا اور مسافروں کو شدید خوف محسوس ہوا۔ مسافروں نے اس دوران کلمہ طیبہ کا ورد شروع کردیا اور کئی افراد انتہائی خوف زدہ ہوگئے۔ مسافروں نے بتایا کہ جہاز رن وے کے آخری حصے میں رکنے کے بعد تقریباً آدھے گھنٹے تک وہیں کھڑا رہا، جس کے بعد اسے ایک مشین کی مدد سے واپس ٹرمینل کی جانب لایا گیا۔ بعد ازاں تمام مسافروں کو جہاز سے آف لوڈ کردیا گیا۔ پی آئی اے کے مطابق متاثرہ پرواز پر سوار مسافروں کی ایک بڑی تعداد عمرہ زائرین پر مشتمل تھی، جن میں بالخصوص بلوچستان کے اضلاع ژوب اور شیرانی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ مسافروں نے شارجہ پہنچنے کے بعد وہاں سے کنیکٹنگ فلائٹ کے ذریعے حجاز مقدس روانہ ہونا تھا، تاہم پرواز میں اچانک فنی خرابی کے باعث ان کا سفر شدید متاثر ہوا اور پرواز کی منسوخی اور تاخیر کے باعث عمرہ زائرین سمیت دیگر مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جبکہ متعدد مسافروں کی شارجہ سے آگے کنیکٹنگ فلائٹس بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ مسافروں نے ایئر لائن انتظامیہ سے فوری طور پر متبادل انتظامات، رہائش اور آئندہ سفر کے حوالے سے واضح معلومات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ ایئر عربیہ کوئٹہ آفس سے رابطہ کرنے پر بتایا گیا کہ پرواز میں فنی خرابی پیدا ہوئی ہے، جس کے باعث آج پرواز روانہ نہیں ہوسکی اور اب اسے کل صبح کوئٹہ سے شارجہ روانہ کیا جائے گا۔ تاہم ایئر لائن کے نمائندے نے جہاز کے رن وے پر پیش آنے والے واقعے کو کسی ممکنہ حادثے سے جوڑنے کے حوالے سے مزید معلومات فراہم کرنے سے گریز کیا۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ واقعے کے دوران صورتحال انتہائی تشویشناک تھی اور اگر جہاز رن وے پر رکنے کے بجائے آگے نکل جاتا تو سنگین حادثہ پیش آسکتا تھا۔ مسافروں نے متعلقہ حکام سے واقعے کی مکمل تحقیقات اور جہاز میں پیدا ہونے والی فنی خرابی کی وجوہات سامنے لانے کا مطالبہ کیا۔ دوسری جانب واقعے کے بعد سول ایوی ایشن اور ایئرپورٹ حکام کی جانب سے جہاز کی تکنیکی صورتحال کا جائزہ لیے جانے اور فنی خرابی دور کرنے کے بعد ہی پرواز کو دوبارہ روانہ کرنے کی توقع ہے۔ مسافروں کو بتایا گیا ہے کہ پرواز اب کل صبح روانہ ہوگی، تاہم حتمی روانگی کا وقت فنی معائنے اور جہاز کی کلیئرنس سے مشروط ہوگا۔ واقعے کے باعث کوئٹہ ایئرپورٹ پر موجود مسافروں میں بھی تشویش پائی گئی جبکہ عمرہ زائرین اپنے آئندہ سفر اور شارجہ سے کنیکٹنگ فلائٹس کے حوالے سے پریشان ہیں۔ مسافروں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایئر لائن انتظامیہ انہیں بروقت معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ کنیکٹنگ پروازوں سے محرومی کی صورت میں متبادل انتظامات بھی یقینی بنائے۔

شمال بقیہ 6

ذریعے، کثیر الجہتی سطحوں پر اہمیت دیتا ہے۔ فریقین نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے اور ترجیحی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جن میں ڈیجیٹل اکانومی، فن ٹیک، انفراسٹرکچر کی ترقی، لاجسٹکس، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور سروسز کے شعبے شامل ہیں۔ انہوں نے باہمی طور پر مفید اقتصادی تعاون کے لئے نئے راستے تلاش کرنے اور عوام سے عوام کے رابطوں کو بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیشرفت پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا اور دوطرفہ اور کثیر جہتی فورمز پر مسلسل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

شمال بقیہ 7

انتظامات، مائیکرو پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور مہم کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ مہم کے دوران کوئٹہ میں مجموعی طور پر 4 لاکھ 29 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے لیے 1600 پولیو ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ مہم کے دوران ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے 1800 سکیورٹی اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے ہدایت کی کہ پولیو مہم کے سیکیورٹی پلان اور کمیونیکیشن پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، تمام علاقوں کے مائیکرو پلان کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور پولیو ٹیموں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پولیو سے انکاری والدین (ریفیوزل کیسز) کی کوریج کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی علاقے یا بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تمام ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنایا جاسکے۔

شمال بقیہ 8

پرنس ایچ او تھانہ بروری نصیب اللہ ناصر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تینوں ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان میں عامر احمد ولد برات خان (سکنہ نواں کلی)، نعمان ولد محمد رسول (سکنہ نواں کلی) اور حکمت اللہ ولد یار محمد (سکنہ اتحاد کالونی) شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان سوشل میڈیا اور موبائل فون کے ذریعے کم عمر لڑکوں سے رابطہ قائم کرکے انہیں مختلف مقامات پر بلاتے تھے، جہاں ان کی ویڈیوز بنا کر انہیں بلیک میل اور جنسی استحصال کا نشانہ بنایا جاتا تھا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کرکے قانونی کارروائی اور مزید تفتیش شروع کردی ہے تاکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں اور ممکنہ متاثرین کا سراغ لگایا جاسکے۔ حکام کے مطابق بچوں کے تحفظ اور بلیک میلنگ جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

شمال بقیہ 9

سے مطالبہ کرتا ہوں کہ سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی انکوائری کمیشن قائم کیا جائے جو تحقیقات کرے کہ پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کے 2 اگست 2022 کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں اور ملزمان کے خلاف اب تک کیا قانونی کارروائی کی گئی ہے؟ عدالتی کمیشن پی ٹی آئی کی (2009-2013) تک فارن فنڈنگ ثابت ہونے کے بعد اگلے پانچ سال (2014-2019) کے دوران ہونے والی مبینہ فارن فنڈنگ کی تحقیقات بھی کرائے۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے دسمبر 2017 کے فیصلہ کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان کو از خود یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی شکایت کے باضابطہ دائر ہوئے بغیر بھی وہ سیاسی جماعتوں کی فنڈنگ کی مکمل تحقیقات کر سکتا ہے۔ قومی سلامتی کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ عدالتی کمیشن پارلیمان میں موجود تمام پاپولر سیاسی جماعتوں کی فنڈنگ کی مکمل تحقیقات کرائے۔

شمال بقیہ 10

نشانہ بنایا اور اندھا دھند فائرنگ کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایک بھائی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا جو بعد میں ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ واقعے کے فوراً بعد پولیس اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو طبی امداد و ضروری کارروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کردیا۔ زخمی بھائی کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کردیے ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن کا آغاز کردیا گیا ہے، جبکہ واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

شمال بقیہ 11

کے لئے سفارتی رابطوں کو آگے بڑھاتا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق مذاکرات سے باخبر ایک عہدیدار نے بتایا کہ قطری ثالث تہران میں امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی کوششوں کے سلسلے میں بات چیت کریں گے۔ عہدیدار کے مطابق ثالثی کے یہ مذاکرات امریکا کے ساتھ رابطے اور ہم آہنگی کے تحت آگے بڑھائے جا رہے ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قطر دونوں فریقوں کے درمیان سفارتی رابطے برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تاہم عہدیدار نے مذاکرات کے ممکنہ نکات، قطری وفد کی ایرانی حکام سے ملاقاتوں یا کسی ممکنہ معاہدے کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ فی الحال یہ واضح نہیں کہ ان رابطوں کے نتیجے میں کسی حتمی سمجھوتے کا اعلان کب تک ہو سکتا ہے۔ قطر اس سے قبل بھی خطے کے مختلف تنازعات میں ثالثی کا کردار ادا کرتا رہا ہے۔ تہران میں قطری ثالثوں کی واپسی کو امریکا اور ایران کے درمیان سفارتی کوششوں کے تسلسل کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

شمال بقیہ 12

کا فیصلہ کرلیا۔ پی ٹی آئی خیبرپختونخوا پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں اہم سیاسی و آئینی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، اجلاس کے اعلامیے میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کی آڑ میں مبینہ سیاسی انتقامی اقدامات فوری بند کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں پی ٹی آئی کارکنان کے گھروں پر چھاپوں، گرفتاریوں اور ایم پی او کے تحت نظربندیوں کی مذمت کی گئی جبکہ پارٹی کے پرچم اتارنے اور ترقیاتی منصوبوں کی تختیاں ہٹانے کے اقدامات کو بھی ناقابل قبول قرار دیا گیا۔ پارلیمانی پارٹی نے مطالبہ کیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق مستند معلومات فراہم کی جائیں اور اہل خانہ اور وکلا کو فوری رسائی دی جائے، بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ کو فوری انصاف، ان کی بہنوں کی رہائی اور اہل خانہ کو تمام قانونی، انسانی اور طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا، سپیکر صوبائی اسمبلی اور دیگر منتخب نمائندوں کی مبینہ غیر آئینی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ اور انتظامی اختیارات کی منتقلی پر شدید تحفظات ہیں، ضم شدہ قبائلی اضلاع کے انضمام کے عمل کو رول بیک کرنے کی کسی بھی کوشش کی بھرپور مخالفت کی جائے گی، اس سلسلے میں قبائلی مشران اور سیاسی جماعتوں کو مدعو کرکے مشترکہ جرگہ بلانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ پارلیمانی پارٹی نے بیرسٹر گوہر کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پی ٹی آئی میں کوئی گروپ بندی نہیں، پارٹی کے تمام سیاسی و تنظیمی فیصلے بانی پی ٹی آئی کی ہدایات اور باہمی مشاورت سے کیے جائیں گے۔ اجلاس میں احتجاجی تحریک اور مذاکرات سمیت آئندہ سیاسی حکمت عملی میں خیبرپختونخوا پارلیمانی پارٹی کو مؤثر نمائندگی دینے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ صوبائی پارلیمانی پارٹی کے فیصلوں کو تسلیم کرنے اور ان کا احترام کرنے پر بھی اتفاق ہوا۔ اعلامیے کے مطابق پارلیمانی پارٹی کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کرنے، عوامی حقوق کے تحفظ، آئین کی بالادستی، جمہوری نظام کی بحالی اور عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

شمال بقیہ 13

باعث علاقے میں تشویش کی فضا پھیل گئی۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد کے قریب سون واہ کے مقام پر کار اور رکشے کے درمیان تصادم پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ 9 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کا تعلق جان کالونی سے بتایا جاتا ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوستہ محمد منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹر اشرف جمالی، ڈاکٹر نصر اللہ میمن اور ڈاکٹر مقبول جمالی نے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی۔ ذرائع کے مطابق دو زخمیوں کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں مزید علاج کے لیے لاڑکانہ ریفر کردیا گیا، جبکہ دیگر زخمیوں کو ہسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

شمال بقیہ 14

ہے کہ زائرین کے لیے ایران سے عراق جانے کا واحد زمینی راستہ الشیب بارڈر باضابطہ اطلاع کے مطابق 21 اکتوبر سے آمد و رفت کے لیے معطل ہے۔ الشیب بارڈر سے مسافر، گاڑیوں اور تجارتی سامان کی آمد و رفت تاحکم ثانی بند رہے گی۔ ایران میں موجود پاکستانی زائرین فی الحال بغداد اور نجف انٹرنیشنل ایئرپورٹس کے ذریعے عراق جاسکتے ہیں۔ ترجمان مذہبی امور نے کہا ہے کہ پاکستانی زائرین ایران کے راستے عراق جانے سے قبل نئی سفری ہدایات ضرور دیکھیں جب کہ زیارت گروپ آرگنائزرز (ZGOs) پاکستانی زائرین کو بارڈر کی بندش سے فوری طور پر آگاہ کریں۔ ترجمان نے مزید کہا ہے کہ الشیب بارڈر کی بندش کے باعث پاکستانی زائرین متبادل زمینی راستہ استعمال نہیں کر سکتے، زائرین روانگی سے قبل اپنے متعلقہ زیارت گروپ آرگنائزرز سے تازہ ترین صورتحال کی تصدیق کریں۔

شمال بقیہ 15

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیرونی انتشار کا پوری قوم مل کر مقابلہ کرتی ہے، اندرونی انتشار ملک کو زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ملک میں کشیدگی بڑھانے کے بجائے سیاسی رہنماؤں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، ملک میں تناؤ بہت حد تک پہنچ چکا ہے، کشیدگی مزید نہیں بڑھنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ریڈ لائن کراس کرنے والے نہیں، ہمارا مقصد ہے پاکستان پہلے اور ریاست پہلے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سیاسی قیادت اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے والے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے یہ بھی کہا ہے کہ انتخابی اصلاحات کے لیے حکومت اور اپوزیشن کی نمائندگی برابر ہونی چاہیے، انتخابی اصلاحات غیر جانبدار اور عوامی امنگوں کے مطابق ہونی چاہئیں۔

شمال بقیہ 16

نقصان نہیں ہوا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں نے خاران کے علاقے الیت میں قائم چیک پوسٹ کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنادیا۔ ذرائع کے مطابق بروقت اور مؤثر ردعمل کے نتیجے میں پانچوں ڈرونز ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی تباہ کر دیے گئے۔ واقعے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔

شمال بقیہ 17

کے نزدیک محسن رضائی کسی معاہدے پر اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے اہم شخصیت ہیں۔ امریکی انٹیلی جنس حکام کا خیال ہے کہ محسن رضائی سپریم لیڈر کے زیادہ نزدیک ہیں، ممکنہ ملاقات استنبول یا دوحہ میں ہوسکتی ہے۔ وٹکوف نے گزشتہ ہفتے محسن رضائی کو خط بھیجا تھا۔ رپورٹ کے مطابق خط میں دونوں ممالک کے قومی مفادات کو مذاکرات کی بنیاد بنانے پر زور دیا گیا، خط میں واضح کیا گیا کہ امریکا کی بنیادی ترجیح ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران جوہری پروگرام روکے تو بدلے میں معاشی پابندیاں ہٹائی جائیں گی، قطر بھی مذاکرات میں اہم ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے اور ایرانی قیادت سے رابطے میں ہے۔ دریں اثنا امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ فوجی تنازع کو لامتناہی جنگ میں تبدیل نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ میں امریکی حکومت کی فوجی پالیسی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ طویل جنگوں کی مخالفت کا مطلب ہر قسم کی فوجی طاقت کے استعمال کی مخالفت نہیں ہے۔ وینس ٹیکساس کی ریاست کے شہر فورٹ ورتھ میں ووٹرز کے ساتھ سوال و جواب کی ایک نشست میں گفتگو کے دوران امریکی نائب صدر نے عراق میں اپنی فوجی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ میں مشرق وسطیٰ میں فوجی مہم جوئی سے متعلق عوام کی مایوسی کو سمجھتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم تقریباً سات ماہ سے کسی نہ کسی شکل میں ایران کے معاملے میں مصروف ہیں، امریکا 47 برس سے ایران سے نمٹ رہا ہے، اور میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے معاملے کو ایک لامتناہی جنگ میں تبدیل نہیں ہونے دیں گے۔ وینس نے مزید کہا کہ بیرون ملک طویل فوجی مداخلتوں کی مخالفت کا یہ مطلب نہیں کہ امریکا فوجی طاقت کے استعمال سے مکمل طور پر گریز کرے۔ انہوں نے زور دیا کہ ٹرمپ امریکی اہداف حاصل کریں گے اور اس کے بعد حکومت اپنی دیگر ترجیحات پر توجہ مرکوز کرے گی۔

شمال بقیہ 18

ذرائع کا کہنا ہے کہ پانی کی قلت کے باعث پن بجلی کی پیداوار میں کمی اور مہنگے فیول سے بجلی کی پیداواری لاگت بڑھ جائے گی۔ دسمبر تا فروری فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی دو سے تین گنا بڑھنے کا خدشہ ہے۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 30 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق دسمبر، جنوری، فروری میں لوڈشیڈنگ کیساتھ بجلی قیمت میں اضافے کا امکان ہے۔ سردیوں میں ارسا پانی کی قلت کا 22 فیصد سے زائد تخمینہ دے چکی، اس دوران پن بجلی کی پیداوار نہ ہونے کے برابر رہنے کا امکان ہے۔ عالمی منڈی میں ایل این جی، کوئلے اور دیگر فیول کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، سردیوں میں مہنگے فیول سے بجلی کی پیداواری لاگت بڑھ سکتی ہے۔ سردیوں میں پاور پلانٹس کو مقامی گیس کی فراہمی بھی بڑا مسئلہ ہوگی، دسمبر تا فروری تک بجلی کی لوڈمینجمنٹ میں بھی اضافہ کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئندہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 30 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا تخمینہ ہے۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 22 ارب روپے اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ ستمبر کی فیول ایڈجسٹمنٹ مد میں 2.56 روپے اضافے کی درخواست پر سماعت ہوچکی ہے، سی پی اے درخواست منظوری کی صورت میں صارفین پر 33 ارب روپے کا بوجھ پڑے گا۔ خیال رہے کہ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی نے پاکستان میں توانائی کی قیمتوں کو نئی بلندیوں پر پہنچا دیا۔ پیٹرولیم مصنوعات کے بعد ایل پی جی بھی مہنگائی کی لپیٹ میں ہے۔ ایک سال میں فی کلو قیمت میں 343 روپے اضافہ ہوا۔ گھریلو سلنڈر 4 ہزار روپے سے زائد مہنگا ہوگیا۔ حکومت نے قیمتوں کا نیا فارمولا لانے کی تیاری کرلی جس سے ایل پی جی عوام کی پہنچ سے مزید باہر ہونے کا خدشہ ہے۔

شمال بقیہ 19

تبادلہ کیا گیا، جبکہ مشترکہ دلچسپی کے شعبوں میں مسلسل رابطوں اور تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سنگاپور کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی امن، استحکام اور سیکیورٹی کے فروغ کے لیے ادارہ جاتی روابط کو وسعت دینا اور بامقصد رابطے برقرار رکھنا اہمیت کا حامل ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن نے بھی پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ ملاقات میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ مشترکہ مفادات کے تحفظ، علاقائی استحکام اور دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے دونوں ممالک کے درمیان رابطوں اور ادارہ جاتی تعاون کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔

شمال بقیہ 20

رپورٹ کے مطابق پوست کی کاشت کا رقبہ 2025 میں 10 ہزار ہیکٹر تھا، جو 2026 میں بڑھ کر 43 ہزار ہیکٹر (تقریباً ایک لاکھ 6 ہزار 200 ایکڑ) تک پہنچ گیا۔ اسی طرح افیون کی متوقع پیداوار بھی 2025 کے 300 ٹن سے پانچ گنا بڑھ کر 2026 میں 1500 ٹن ہوگئی۔ طالبان حکومت کی 2022 کی کارروائی کے نتیجے میں پوست کی کاشت کا رقبہ 2 لاکھ ہیکٹر سے زیادہ سے کم ہو کر 2025 میں صرف 10 ہزار ہیکٹر رہ گیا تھا۔ لیکن اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ پوست کی بہت سی فصلیں اناج کی فصلوں کے درمیان یا دیواروں کے پیچھے چھپا کر کاشت کی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے ان کا پتا لگانا مشکل ہو جاتا ہے۔ اقوام متحدہ نے زور دیا کہ غریب کسانوں کو اس منافع بخش فصل کے متبادل ذرائع فراہم کرنا ضروری ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان کا صوبہ بدخشاں ملک میں پوست کی کاشت کا سب سے بڑا مرکز بن چکا ہے۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون ضروری ہے۔ رپورٹ کے مطابق یورپ تک پہنچنے والی ہیروئن کی بڑی مقدار افغانستان سے حاصل ہونے والی افیون سے تیار کی جاتی ہے۔

شمال بقیہ 21

ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحد پر افغان طالبان کی اشتعال انگیزی کا پاک فوج کی جانب سے منہ توڑ جواب دیا گیا اور طالبان رجیم کی متعدد چوکیاں تباہ کردی گئیں۔ پاک فوج نے جنوبی وزیرستان اور پاراچنار سے ملحقہ علاقوں میں متعدد افغان طالبان کی چوکیوں اور فوجی تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے بھاری ہتھیاروں سے کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کو چوکیاں چھوڑ کر فرار ہونے پر مجبور کردیا۔ پاک فوج کی مؤثر کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے متعدد اہلکاروں کی ہلاکت کی بھی اطلاعات ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز ملکی دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں، قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

شمال بقیہ 22

گھر گھر پہنچانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ وہ پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن اور ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالصمد بلوچ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر پارٹی رہنما محمود رند اور عبدالستار بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پارٹی کے تنظیمی امور، کوئٹہ میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور منظم بنانے اور پارٹی پروگرام عوام تک پہنچانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حاجی عبدالصمد بلوچ نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو ضلع کیچ کے 500 سے زائد ممبرشپ کارڈز حوالے کیے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے رجسٹریشن آفس کی ٹیم کی شبانہ روز محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں ضلع کیچ میں ہزاروں کارکنوں کو ممبرشپ کارڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ رجسٹریشن آفس کی ٹیم ملک بھر میں ممبرسازی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا مؤثر کردار جاری رکھے گی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے تمام کارکن باہمی اتفاق، اعتماد، عزت و احترام اور سیاسی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہوئے پارٹی کا پروگرام کوئٹہ کے گھر گھر پہنچائیں۔ کارکن عوام کے ساتھ اپنے روابط مضبوط بنائیں اور پارٹی کی قومی و جمہوری جدوجہد کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر حاجی عبدالصمد بلوچ نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی طویل سیاسی جدوجہد، اصولی سیاست اور قومی و جمہوری حقوق کے لیے ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی عوامی خدمت، بلوچستان کے قومی حقوق، جمہوریت کی مضبوطی اور محکوم و مظلوم طبقات کی آواز بلند کرنے کے لیے وقف کر رکھی ہے۔ ان کی سیاسی بصیرت اور نظریاتی وابستگی پارٹی کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ حاجی عبدالصمد بلوچ، محمود رند اور عبدالستار بلوچ نے پارٹی سربراہ کو یقین دلایا کہ وہ قیادت کے فیصلوں، پارٹی نظریے اور پروگرام پر اعتماد رکھتے ہوئے تنظیمی استحکام کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے تمام علاقوں میں پارٹی کو فعال اور منظم بنانے، عوامی رابطہ مہم تیز کرنے اور پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچانے کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

شمال بقیہ 23

سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر عوام نے انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور بنیادی ضروریات سے آگاہ کیا، جبکہ پارٹی کارکنوں کے ساتھ تنظیمی امور، عوامی رابطوں اور علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ میر علی حسن زہری نے عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے اور بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی اقدامات کیے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھی جائے گی۔ ان ملاقاتوں کا بنیادی مقصد عوام سے براہ راست رابطہ برقرار رکھنا، ان کی مشکلات سے آگاہی حاصل کرنا اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کو آگے بڑھانا ہے۔ میر علی حسن زہری نے اس موقع پر عوامی رابطوں اور خدمت کے تسلسل کو اپنی ترجیحات کا اہم حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور عوام کے مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے اور اس سلسلے میں صدر آصف علی زرداری و چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے واضح احکامات ہیں کہ عوام کی خدمت کو ہی ترجیح ہونی چاہیے۔ عوام سے رابطہ، ان کی مشکلات کو سمجھنا اور ممکنہ وسائل کے ذریعے ان کے مسائل کا ازالہ کرنا عوامی نمائندگی کا بنیادی تقاضا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے گنداوی اور وڈھ کے اسکولوں کے لیے بسوں کی فراہمی بھی تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو سفری سہولیات مہیا کرنے کے سلسلے میں ایک اہم اقدام ہے۔ اس اقدام کے تحت وڈھ کے لیے بس سردار اختر [illegible] جبکہ گنداوی کے لیے بس مولا بخش بزنجو اور چیئرمین جانشیر بلوچ کے حوالے کی گئی۔ ان بسوں کی فراہمی سے متعلقہ اسکولوں کے طلبہ کو آمد و رفت میں سہولت میسر آنے اور تعلیمی سرگرمیوں میں شرکت آسان بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہوتی ہے۔ طلبہ کو اسکول تک رسائی میں سہولت فراہم کرنا نہ صرف ان کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں معاون ہے بلکہ والدین کی مشکلات کم کرنے اور تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے کی جانب بھی ایک مثبت قدم ہے۔ گنداوی اور وڈھ کے اسکولوں کے لیے بسوں کی فراہمی اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی، جو تعلیمی سہولیات میں بہتری کے لیے عملی کوششوں کی عکاسی کرتی ہے۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے عوامی مسائل کے حل، تعلیمی سہولیات کی بہتری اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو جاری رکھنے کے اقدامات اس امر کی اہمیت اجاگر کرتے ہیں کہ عوامی خدمت کے لیے مسلسل رابطہ، مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں ضروری ہیں۔ زہری فارم ہاؤس میں ہونے والی ملاقاتیں بھی عوام اور سیاسی قیادت کے درمیان براہ راست رابطے کا ایک ذریعہ ہیں، جہاں لوگوں کو اپنے مسائل بیان کرنے اور ان کے حل کے لیے توجہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست میں عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور محروم طبقات کے مسائل کے حل کو اہمیت حاصل ہے۔ میر علی حسن زہری نے عوام سے رابطے کو اپنی ترجیحات میں شامل قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے عملی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ عوامی خدمت کا اصل تقاضا ہے کہ لوگوں کے مسائل سنے جائیں، ان کی مشکلات کو سمجھا جائے اور ممکنہ حل کے لیے بروقت اقدامات کیے جائیں۔ زہری فارم ہاؤس میں عوام اور پارٹی کارکنوں سے ملاقاتوں کے ساتھ گنداوی اور وڈھ کے اسکولوں کے لیے بسوں کی فراہمی کا اقدام بھی عوامی رابطوں، تعلیمی سہولیات اور بنیادی ضروریات پر توجہ دینے کی اسی کوشش کا حصہ ہے۔

شمال بقیہ 24

میں پہاڑی میں واقع ہندوؤں کے معروف مذہبی مقام سے دہرادون کی طرف پرواز کر رہا تھا، جس میں پائلٹ اور 5 مسافر موجود تھے۔ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے بتایا کہ ان کے دفتر کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ہیلی کاپٹر حادثہ جوشی مٹھ کے علاقے میں قریبی گاؤں میں پیش آیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ، ڈیزاسٹر ریسپانس ٹیموں اور علاقے میں موجود فوجیوں کی جانب سے مشترکہ طور پر امدادی کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جائے وقوع پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں، تاہم ہیلی کاپٹر پر سوار افراد کی حالت کے حوالے سے واضح اطلاعات نہیں ہیں۔ بی بی سی کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہیلی کاپٹر حادثے کی حتمی وجوہات کا تعین نہیں کیا جاسکا تاہم علاقے میں شدید بارش اور حد نگاہ متاثر ہو رہی ہے اور اسی دوران یہ حادثہ پیش آیا ہے۔ بھارتی ٹی وی چینلز کے مطابق امدادی ٹیموں کو جائے وقوع کی طرف بھیج دیا گیا ہے جہاں آگ اور دھوئیں کے بادل نظر آرہے ہیں۔

شمال بقیہ 25

منصوبوں میں تقریباً 253 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و ترقی، 23 کلومیٹر سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و بحالی، 300 کلومیٹر واٹر ڈسٹری بیوشن لائنز اور 150 کلومیٹر مین واٹر ٹرانسمیشن لائنز شامل ہیں۔ پانی ذخیرہ کرنے کے لیے چار بڑے زیر زمین ٹینکس، جن کی مجموعی گنجائش ایک کروڑ گیلن بتائی گئی ہے، آٹھ چھوٹے واٹر ٹینکس اور 12 چھوٹے بڑے واٹر پمپنگ اسٹیشنز بھی اس بنیادی ڈھانچے کا حصہ ہیں جبکہ شہری صفائی اور نکاسی آب کے لیے تقریباً 30 کلومیٹر سیوریج لائنز، 23 کلومیٹر ڈرینج لائنز اور سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کے منصوبے شامل ہیں۔ کھیلوں اور تفریحی سہولیات میں ایک کرکٹ اسٹیڈیم، دو فٹبال اسٹیڈیمز، دو فٹبال گراؤنڈز، ایک اسپورٹس کمپلیکس، دو فٹسال گراؤنڈز، ایک والی بال گراؤنڈ اور تین بڑے پارکس شامل ہیں اور گوادر شہر کی تاریخی و ثقافتی شناخت کے تحفظ کے لیے اولڈ ٹاؤن کی بحالی، علاقائی قلعے اور پرتگالی واچ ٹاور سمیت تاریخی مقامات کے تحفظ کے اقدامات کیے گئے ہیں۔ ساحلی تحفظ کے سلسلے میں دیمی زر اور پدی زر میں بریک واٹرز اور حفاظتی بندوں کی تعمیر جبکہ پشکان اور سربندر میں فش لینڈنگ جیٹیوں کی تعمیر و ترقی بھی ادارے کی سرگرمیوں کا حصہ ہے۔ صوبائی حکومت کی عوامی سہولیات کے شعبے میں جی ڈی اے آفس کمپلیکس، جی ڈی اے ہسپتال، جی ڈی اے اسکول، گوادر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، بنیادی مراکز صحت، اسکولوں کی بہتری، بازاروں اور مارکیٹس کی بحالی، قبرستانوں کی چاردیواروں کی بہتری، شاہراہوں، چوکوں اور یادگاروں کی تعمیر و تزئین سمیت مختلف منصوبے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ شجرکاری، سبزہ زاروں کی بہتری اور میرین ڈرائیو، استاد عبدالمجید گوادری روڈ اور سید ظہور شاہ ہاشمی ایونیو پر اسٹریٹ لائٹس اور سولر لائٹنگ کے اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔ صوبائی حکومت کی یہ ترقیاتی سرگرمیاں شہر میں بنیادی شہری ڈھانچے کی بہتری، عوامی سہولیات کی توسیع اور جدید ساحلی شہر کی تشکیل کے لیے جاری کوششوں کی عکاس ہیں۔ صوبائی حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن کے تحت ان منصوبوں کی مؤثر تکمیل، دیکھ بھال اور مزید توسیع گوادر کی پائیدار ترقی، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

شمال بقیہ 26

ترجمانی ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ گزشتہ روز قومی اسمبلی میں ان کی بصیرت افروز تقریر قابل ستائش ہے، جس میں انہوں نے قومی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے حکومت اور اپوزیشن دونوں کو میثاق کی جانب متوجہ کیا۔ ملک کو سیاسی استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز شال گٹ، مسلم باغ میں [illegible] کی افتتاحی تقریب کے موقع پر علماء کرام اور جماعتی احباب کے ہمراہ دعائے خیر کرنے اور مرتضیٰ قطب زئی میں مدرسہ اقصیٰ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ علماء کرام معاشرے کی دینی، اخلاقی اور اصلاحی تربیت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ دینی مدارس اسلام کی تعلیمات، اسلامی تہذیب اور قوم کے اخلاقی تشخص کے محافظ ہیں، ان اداروں کی سرپرستی، معاونت اور تحفظ ہماری دینی و قومی ذمہ داری ہے۔ مدارس نے ہمیشہ معاشرے میں علم، امن، رواداری اور اصلاح کا پیغام عام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، پینے کے صاف پانی کی دستیابی اور تعلیم کے فروغ کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ عوامی مسائل کا حل اور پسماندہ علاقوں کی ترقی ہماری ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں مشکل حالات کے دوران قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے سامنے اپنی ضروریات اور مسائل پیش کرنے والے بعض افراد آج اپنے سیاسی مفادات کے تحت جمعیت علماء اسلام کی قیادت پر تنقید کر رہے ہیں۔ ان کے بقول ایسے رویوں کے پیچھے سیاسی مجبوریاں اور فارم 47 کے ذریعے حاصل ہونے والے اقتدار کو برقرار رکھنے کی خواہش کارفرما دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی قیادت نے ہمیشہ اصولی سیاست، آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق کے تحفظ کی بات کی ہے۔ سیاسی اختلاف ہر کسی کا حق ہے، تاہم تنقید دلیل، حقائق اور سیاسی اخلاقیات کے دائرے میں ہونی چاہیے۔ محض سیاسی مصلحتوں کے تحت قیادت کو نشانہ بنانا عوامی مسائل کا حل نہیں۔ ملک اور صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ سیاسی مکالمے، قومی یکجہتی اور عوامی مفادات کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

شمال بقیہ 27

جانب سے پریس کانفرنس کرنا اور بے بنیاد الزامات عائد کرنا محض حقائق سے توجہ ہٹانے کی ایک کوشش ہے۔ بظاہر یہ پریس کانفرنس وزیراعلیٰ بلوچستان کی ایماء پر کی گئی، جس میں من گھڑت باتوں اور سیاسی پروپیگنڈے کے ذریعے اصل مسئلے کو دبانے کی کوشش کی گئی۔ ترجمان نے کہا کہ سرفراز بگٹی مسلسل یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ وہ کوہلو کے معاملات میں کوئی مداخلت نہیں کر رہے، لیکن سوال یہ ہے کہ اگر مداخلت نہیں ہو رہی تو پھر کوہلو کے ترقیاتی اور انتظامی فیصلے بیک ڈور، [illegible] یا وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں کیوں کیے جا رہے ہیں؟ ایک غیر منتخب شخص نصیب اللہ مری محکمہ سپورٹس اور محکمہ جنگلات سمیت مختلف محکموں کے تقرری و تعیناتی کے احکامات کوہلو میں آ کر تقسیم کرے تو اسے مداخلت کے سوا کیا نام دیا جائے؟ کیا یہی میرٹ، شفافیت اور اختیارات کی آئینی حدود کا احترام ہے؟ یہ تمام معاملات وزیراعلیٰ کے مداخلت نہ کرنے کے دعوؤں کی خود نفی کرتے ہیں۔

شمال بقیہ 28

کارپوریٹ ٹیکس دفاتر، علاقائی ٹیکس دفاتر میں کام کے اوقات بڑھا دیے گئے۔ تمام ایل ٹی اوز، سی ٹی اوز اور آر ٹی اوز کو آج رات 8 بجے تک کام جاری رکھنے کا حکم دیدیا گیا۔ ایف بی آر نے ہفتے کے روز ٹیکس دفاتر میں اضافی اوقات کار کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔

شمال بقیہ 29

صنعتی ترقی، تعلیمی اداروں اور پاکستان کے ساتھ تعاون کے ممکنہ شعبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ مذاکرات کے دوران خطہ [illegible] کی مضبوط زرعی اور صنعتی بنیادوں، اور پاکستان کے ساتھ تجارت کو وسعت دینے کی صلاحیتوں پر روشنی ڈالی گئی۔ زرعی پیداوار، فوڈ پروسیسنگ، انجینئرنگ، صنعتی آلات اور ویٹرنری سائنسز میں اس خطے کی مہارت، پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے درآمدات، تکنیکی شراکت داری اور مشترکہ منصوبوں کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ سفیر فیصل نیاز ترمذی نے پاکستان کی برآمدی صلاحیتوں خاص طور پر ٹیکسٹائل، ملبوسات، چاول، ادویات، جراحی کے آلات اور دیگر ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی جانب بھی توجہ مبذول کرائی، اور دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان قریبی روابط بڑھانے پر زور دیا تاکہ دوطرفہ تجارت کے مواقع تلاش کیے جاسکیں۔ سفیر فیصل نیاز ترمذی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اس وژن کا ذکر کیا جس کا مقصد کاروباری اداروں کے درمیان قریبی روابط، تعلیمی شراکت داری، طلباء کے تبادلے اور سیاحت کے ذریعے پاکستان اور روس کے تعلقات کو مستحکم بنانا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور روس کے مختلف خطوں کے درمیان بڑھتے ہوئے روابط کی اہمیت پر زور دیا۔

شمال بقیہ 30

آپریشن سینٹر (این ای او سی) اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس میں بین الاقوامی شراکت دار اداروں کے نمائندگان اور پولیو پروگرام کی کور ٹیم نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر صحت نے جنوبی خیبرپختونخوا، بالخصوص بنوں ڈویژن میں پولیو کیسز سامنے آنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مؤثر حکمت عملی اور مربوط اقدامات کے ذریعے ان چیلنجز پر قابو پایا جائے گا۔ پولیو کے خلاف جنگ میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی گنجائش نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں 2 سے 8 نومبر 2026 تک ذیلی قومی انسداد پولیو مہم جاری رہے گی، جس کے دوران پانچ سال سے کم عمر تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ سید مصطفیٰ کمال نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی وجہ سے پولیو ٹیم آپ کے گھر نہ پہنچ سکے تو بچوں کو قریبی ویکسینیشن سینٹر لے جا کر پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ وفاقی وزیر صحت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مؤثر اقدامات کے ذریعے پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ تقریب میں بین الاقوامی شراکت دار اداروں کے نمائندگان اور قومی پولیو پروگرام کی کور ٹیم بھی موجود تھی۔

شمال بقیہ 31

پروگرام کو محدود کیا جاسکتا تھا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق باراک اوباما نے اپنے دور صدارت میں ایران کے ساتھ 2015 میں ہونے والے جوہری معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے نے تہران کے جوہری پروگرام پر پابندیاں عائد کرنے میں کردار ادا کیا تھا۔ اوباما نے کہا کہ انہوں نے میزائل داغنے کے بجائے سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا تھا۔ سابق امریکی صدر نے ایران کے خلاف جنگ کے اثرات پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کے نتیجے میں امریکا کے اتحادیوں اور فوجی اڈوں کو حملوں کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ متعدد امریکی ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوئے ہیں۔ اوباما کے مطابق جنگ کے دوران امریکا کے میزائلوں کے ذخائر میں بھی کمی آئی ہے، جس سے ملک پہلے کے مقابلے میں زیادہ غیر محفوظ ہوگیا ہے۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ آبنائے ہرمز پر ایران کا اثر و رسوخ بڑھ گیا ہے اور اسے اس اہم بحری گزرگاہ کے معاملات میں [illegible] طاقت حاصل ہوگئی ہے۔ باراک اوباما نے آبنائے ہرمز کی صورتحال کو تیل کی قیمتوں میں اضافے کی ایک وجہ قرار دیا۔ آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کے لیے اہم گزرگاہ ہے، اس لیے وہاں کشیدگی عالمی توانائی کی منڈیوں کو متاثر کر سکتی ہے۔

شمال بقیہ 32

کا شعبہ صوبے کی معیشت اور عوام کے روزگار سے وابستہ ہے، اس لیے اس کی ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ صادق سنگوئی اور اسرار بارانزئی نے امید ظاہر کی کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کسانوں کی فلاح و بہبود اور محکمہ زراعت کی مزید بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

شمال بقیہ 33

نے درخواست دی کہ فلک جاوید کی سالگرہ ہے، جیل میں کپڑے لے جانے کی اجازت دی جائے جس پر عدالت نے اجازت دے دی۔ عدالت میں ملزم جاوید کو جیل سے لاکر پیش نہیں کیا گیا۔

شمال بقیہ 34

ہوئے چینی سفیر نے کہا کہ صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین نے غربت کے خاتمے کے لیے ہدفی معاونت کی حکمت عملی اپنائی، جس کے تحت انتہائی غربت سے متاثرہ علاقوں اور طبقات کی ضروریات کے مطابق مخصوص اقدامات کیے گئے۔ صدر شی جن پنگ نے خود غربت سے متاثرہ علاقوں کے دورے کرکے زمینی صورتحال کا جائزہ لیا اور اس مسئلے کے حل کو قومی ترجیح بنایا۔ انہوں نے کہا کہ چین نے غربت کے خاتمے کے بعد بھی متاثرہ طبقات کی مسلسل اور منظم معاونت کا سلسلہ جاری رکھا ہے تاکہ کوئی بھی خاندان دوبارہ غربت کی لکیر سے نیچے نہ چلا جائے۔ چینی جدیدیت کا بنیادی مقصد ترقی کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچانا اور عوام کو بہتر، خوشحال اور باوقار زندگی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ جیانگ زیڈونگ نے کہا کہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران چین نے غربت میں کمی اور ترقیاتی تعاون کے لیے متعدد خصوصی اقدامات کیے، جن میں تقریباً دو ہزار تعاون کے منصوبے اور جنوب جنوب تعاون کے تحت مختلف ترقیاتی سرگرمیاں شامل ہیں۔

شمال بقیہ 35

اچانک بند ہوگیا اور فریزر Defrost Mode میں چلے گئے، جس کے نتیجے میں بڑی مقدار میں گوشت، منجمد خوراک اور دیگر اشیائے خورد و نوش خراب ہوگئیں۔ امریکہ کے فورٹ ہوچوکا میں بھی فریزرز کے گرم ہونے سے خوراک ضائع ہونے کی اطلاع دی گئی۔ امریکی فوج کے سائبر کمانڈ اور فوج کے کریمنل انویسٹی گیشن حکام تحقیقات میں شامل ہیں۔ امریکی حکام نے اس معاملے میں فرانسیسی قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھی رابطہ کیا ہے، کیونکہ فرانس میں بھی رواں ماہ 350 سے زائد سپر مارکیٹس اور دیگر تجارتی مقامات کے ریفریجریشن سسٹم کو مبینہ سائبر حملے میں نشانہ بنایا گیا تھا۔ وہاں بھی درجہ حرارت بڑھنے سے منجمد خوراک ضائع ہوئی اور بعض مقامات پر آلات میں آگ لگنے کی اطلاعات سامنے آئیں۔ سائبر سیکیورٹی ماہرین کے مطابق جدید فریزر اور صنعتی کولنگ سسٹم میں ایسے کنٹرولرز استعمال ہوتے ہیں جو انٹرنیٹ یا نیٹ ورک سے منسلک ہوسکتے ہیں۔ اگر ان میں پرانا یا غیر محفوظ سافٹ ویئر موجود ہو تو ہیکرز درجہ حرارت اور دیگر سیٹنگز کو دور بیٹھ کر تبدیل کرسکتے ہیں۔ تاہم امریکی فوجی اڈوں کے واقعات میں ابھی تک یہ ثابت نہیں ہوا کہ واقعی ہیکرز ہی ذمہ دار تھے یا کسی ملک یا گروہ نے ایسا کیا۔

شمال بقیہ 36

ٹریبونل ان لینڈ ریونیو کا اپیل ناقابل سماعت قرار دینے کا فیصلہ کالعدم کردیا۔ جسٹس خالد اسحاق اور جسٹس محمد عثمان غنی راشد چیمہ پر مشتمل بنچ کا 20 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جسٹس عثمان غنی راشد چیمہ نے جاری کیا۔

شمال بقیہ 37

کھوسو، پولیو کے نمائندے ڈاکٹر محمد یاسین داہلی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد عارف داہلی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا، جبکہ صحبت پور شہر کے معززین اور سول سوسائٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سلیم احمد کھوسو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی بہترین حکمت عملی اور ہیلتھ ورکرز کی شب و روز جدوجہد کے باعث چار سالوں کے دوران ضلع میں پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا، جو کہ ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اس مہلک مرض کے مکمل اور پائیدار خاتمے کے لیے مسلسل بیداری اور مزید محنت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے پولیو کے مکمل انسداد کی مہمات میں تمام درکار وسائل اور انتظامی صلاحیتیں بلا دریغ استعمال کرتی رہے گی۔

شمال بقیہ 38

سے کیے جائیں۔ کوہلو کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، اور عوامی حقوق کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں عبدالشکور مری سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ میر نصیب اللہ مری نے کہا کہ میں پاکستان پیپلز پارٹی کا ٹکٹ ہولڈر ہوں اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تعلق بھی اسی جماعت سے ہے۔ جب میں نے اپنے علاقے کے مسائل عوامی ضروریات اور ترقیاتی منصوبے کیلئے وزیراعلیٰ کے پاس جاتا ہوں تو اس میں کون سا جرم ہے۔ عوام کے لئے ترقیاتی فنڈ اور روزگار کے مواقع حاصل کرنا جرم ہے تو میں بار بار کرتا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان موسیٰ خیل اور واشک کیلئے ترقیاتی فراہم کئے ان اقدامات کو اپوزیشن کے رکن میر زابد علی ریکی نے بھی سراہا اور اظہار تشکر کیلئے وزیراعلیٰ کو بار بار پہنچایا۔ ترقیاتی کاموں کو سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ دیگر علاقوں میں ترقیاتی کام کیے جائیں تو انہیں سراہا جاتا ہے لیکن کوہ سلیمان ڈویژن اور کوہلو میں ترقیاتی سرگرمیاں ہوں اور ان کا فائدہ عوام کو پہنچے تو بعض حلقوں کو اعتراض ہونے لگتا ہے۔ روزگار کے مواقع اور حکومتی اقدامات کا عوام کو فائدہ پہنچنے پر خوش ہونا چاہیے نہ کہ اسے سیاسی مخالفت کا موضوع بنانا چاہیے۔ کوہلو کی ترقی کسی فرد کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ عوام کا حق ہے یہاں کے لوگوں کو تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور بہتر انتظامی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے جو بھی ان مقاصد کے لیے کام کرے گا ہم اس کا خیر مقدم کریں گے اور علاقے کی ترقی کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بند کمروں کی سیاست اور عوام کے نام پر فیصلے کرنے کا دور ختم ہو چکا ہے لوگ بیانات نہیں بلکہ اقدامات کو دیکھتے ہیں۔ نوابزادہ جنگیز خان مری گزشتہ ڈھائی سال کے دوران اپنے حلقہ انتخاب کوہلو اور اسمبلی اجلاسوں میں شرکت تک محدود رہے۔ حلقہ انتخاب اور عوام کو کوئی وقت نہیں دیا۔ نمائندگی محض اسمبلی نشست کا نام نہیں بلکہ عوام کے سامنے جوابدہی کا تقاضہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز، پی ایس ڈی پی اسکیموں، سرکاری ملازمتوں اور انتظامی معاملات سے متعلق الزامات کا تعلق ہے تو وہ سیاسی بیانات کی بجائے حقائق دستاویزات اور متعلقہ ریکارڈ کی بنیاد پر بے ضابطگی ہوئی ہے تو وہ متعلقہ اداروں سے رجوع کرے۔ کوہ سلیمان ڈویژن کے قیام اور کوہلو کی انتظامی حیثیت جیسے معاملات پر گفتگو عوامی مفاد میں ہونا چاہیے اگر کسی کو تحفظات ہیں تو دلیل، شواہد اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے سامنے لایا جائے ہر انتظامی اقدام کو سیاسی مخالفت کا رنگ دینا علاقے اور نہ ہی عوام کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری مدعیت میں نواب جنگیز مری کے خلاف عدالت میں مقدمہ زیر سماعت ہے اس معاملے کو محض سیاسی بیان بازی یا الزام تراشی تک محدود رکھنے کی بجائے قانون کے مطابق عدالت میں پیش کیا ہے۔ سیاسی بیانات عدالتی کارروائی کے متبادل نہیں ہوسکتے اور نہ ہی سیاسی دباؤ کے ذریعے قانونی عمل سے بچا جاسکتا ہے۔ اگر کسی کو اپنے موقف پر اعتماد ہے تو اسے قانون کے مطابق اپنا دفاع کرنا چاہیے اور عدالت کے فیصلے کا احترام کرنا چاہیے۔ میرا کسی سے ذاتی عناد نہیں عوام کے حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گا۔ تمام سیاسی جماعتیں اور منتخب نمائندے کوہلو کے عوام کے لئے مشترکہ کردار ادا کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عوام اب باشعور ہو چکے ہیں بند کمروں میں فیصلوں کا دور ختم ہوگیا ہے کیونکہ عوام اپنے حقوق، وسائل اور مستقبل کے بارے میں مکمل آگاہی رکھتے ہیں۔

شمال بقیہ 39

بیان میں بتایا کہ انہوں نے اجتماع کے دوران ایران کی جوہری پالیسی پر نظرثانی اور ایٹمی ہتھیار تیار کرنے کی اجازت دینے کا معاملہ اٹھایا تھا۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کے متعدد ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے ملک کے دیرینہ موقف پر نظرثانی کے مطالبات سامنے آرہے ہیں۔ ایران طویل عرصے سے یہ موقف اختیار کرتا رہا ہے کہ اس کا جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے اور وہ جوہری ہتھیار تیار کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ایران کے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے جوہری ہتھیاروں کی تیاری کے خلاف مذہبی فتویٰ جاری کیا تھا، جسے تہران اپنے جوہری موقف کی بنیاد قرار دیتا رہا ہے۔ ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے ستمبر میں الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ ایران اب بھی اس مذہبی فیصلے کا پابند ہے اور اس کی جوہری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ تاہم انہوں نے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم نہیں جانتے کہ آگے کیا ہوگا۔ محمود نبویان کا تازہ مطالبہ ایران کے اندر جوہری ہتھیاروں کے معاملے پر جاری بحث اور پالیسی میں ممکنہ تبدیلی کے مطالبات کو نمایاں کرتا ہے۔ تاہم ان کا بیان ایران کی جانب سے ایٹم بم بنانے کا باضابطہ فیصلہ یا اعلان نہیں ہے۔

شمال بقیہ 40

کہ ان کی جانب سے سکولوں کی بہتری، تعلیمی معیار میں اضافے اور سرکاری تعلیمی اداروں کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ پروفیسر حلیم صادق نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ بلوچستان جیسے صوبے میں سرکاری تعلیمی اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، سکولوں میں سہولیات فراہم کرنا اور اساتذہ و والدین کو تعلیمی عمل میں شریک کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق تعلیم کے فروغ کے لیے عملی اقدامات صوبے کے مستقبل پر مثبت اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔ انہوں نے یونیسف اور گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن کے تعاون کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیمی منصوبوں کے لیے مالی معاونت اسی صورت میں زیادہ مؤثر ثابت ہوسکتی ہے جب گرانٹس شفاف انداز میں خرچ ہوں اور ان کے نتائج براہ راست طلبہ کی تعلیمی بہتری کی صورت میں سامنے آئیں۔ پروفیسر حلیم صادق نے امید ظاہر کی کہ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن بلوچستان حاجی گل جان جعفر کی قیادت میں محکمہ تعلیم سرکاری سکولوں کی بہتری، تعلیمی سہولیات میں اضافے اور شرح تعلیم بڑھانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

شمال بقیہ 41

اور خواتین کے خلاف جنسی جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جنسی جرائم میں ملوث ملزمان کے لیے کوئی رعایت نہیں۔

شمال بقیہ 42

کل کوئی عدالت اس معاملے پر ازخود نوٹس کیوں نہیں لے رہی؟ ان کا کہنا تھا کہ مریم نواز کو اس بیان پر کٹہرے میں کھڑا ہونا چاہیے۔ لطیف کھوسہ نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز خود ہی جلاد، جج اور قانون نافذ کرنے کا اختیار رکھنے والی بن گئی ہیں، حالانکہ کسی بھی معاشرے میں قانون کے نفاذ اور سزا دینے کا اختیار متعلقہ قانونی اداروں کے پاس ہوتا ہے، کسی انفرادی شخصیت کے پاس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہر شخص قانون اپنے ہاتھ میں لینا شروع کردے اور کسی ایک شخص کے جرم کی سزا اس کے پورے خاندان یا قبیلے کو دینے لگے تو معاشرہ انصاف کے بجائے انتقام کی راہ پر چل پڑے گا۔ کسی شخص کے قتل کے جواب میں اس کے پورے قبیلے کو نشانہ بنانا اجتماعی سزا اور لاقانونیت کی بدترین مثال ہے۔ سردار لطیف کھوسہ نے قبائلی نظام کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں کھوسہ اور لغاری قبائل کے درمیان بھی ایسے واقعات پیش آتے رہے ہیں۔ اگر ایک قبیلے کا کوئی شخص قتل ہو جاتا تو دوسرا قبیلہ انتقاماً اپنے کسی دوسرے فرد کو قتل کردیتا، خواہ وہ بے گناہ ہی کیوں نہ ہو۔ اسی طرح ایک قبیلے کی جانب سے بھینس چوری کیے جانے پر دوسرا قبیلہ بدلے میں اس کی بکریاں اور گائے چوری کر لیتا تھا۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ مریم نواز کے بیانات معاشرے کو دوبارہ اسی قبائلی اور انتقامی دور کی طرف دھکیل سکتے ہیں، جہاں لوگ قانون اور عدالتوں کے بجائے خود فیصلے کرتے تھے۔ انہوں نے زور دیا کہ ریاست میں قانون کی بالادستی قائم رہنی چاہیے اور کسی کو بھی ذاتی یا اجتماعی انتقام کی بنیاد پر کارروائی کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ مریم نواز کو اپنے طرز بیان اور موقف پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے تاکہ معاشرے میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کا تصور برقرار رہ سکے۔

شمال بقیہ 43

ٹیکنو انجینئر کیسکو نصیر آباد عبدالحمید مگسی اور ایس ڈی او کیسکو استا محمد محمد حسن گولہ نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع استا محمد میں موجود 42 سو سے زائد زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے حکومتی پروگرام کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ٹیوب ویلز کی رجسٹریشن، متعلقہ زمینداروں کی اہلیت، متعلقہ ریکارڈ، ضروری دستاویزات اور حکومتی پالیسی کے تحت مقرر کردہ دیگر ضابطہ جاتی تقاضوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ متعلقہ زمینداروں کو حکومتی پالیسی کے مطابق معاوضے کی ادائیگی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے تمام کیسز کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے گی اور دستاویزات و دیگر ضروری کوائف کی تصدیق کے بعد سفارشات مرتب کرکے متعلقہ اعلیٰ حکام کو ارسال کی جائیں گی تاکہ اہل زمینداروں کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق معاوضے کی ادائیگی ممکن بنائی جاسکے۔

عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، میر علی حسن زہری

میر علی حسن زہری کا دورہ حب، پارٹی رہنماؤں، کارکنوں اور عوام سے ملاقاتیں، عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے اور بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے

حب (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ... (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ملک میں پولیو وائرس کا خطرہ تا حال موجود ہے، مصطفیٰ کمال

ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی قومی ترجیح ہے اور ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان میں پولیو وائرس کا خطرہ تا حال موجود ہے، اس لیے اس موذی مرض کے مکمل خاتمے تک قومی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے ملک کے 97 منتخب اضلاع میں سال 2026 کی تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب نیشنل ایمرجنسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ٹرمپ کی ایران جنگ سے امریکا پہلے سے زیادہ غیر محفوظ ہو گیا، سابق صدر اوباما

ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں تھے اور سفارت کاری کے ذریعے اس کے جوہری پروگرام کو محدود کیا جا سکتا تھا، بیان

یہ باتھ روم ہے یا وائٹ ہاؤس؟ زرق برق، سستی اور بھدی آرائش پر اوباما اور کلنٹن کی ٹرمپ پر تنقید

واشنگٹن (آئی این پی) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ... [illegible] (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی قائم مقام صدر جمال الدین رشتیا، مابت کاکا، انجینئر زمرک خان اچکزئی، ملک امان اللہ، عبید اللہ عابد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محسن نقوی شی میل کی طرح چلتے ہیں، لیڈر کے بارے میں بولنے والے کو جواب تو ملے گا، کامران مرتضیٰ

میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح چلتا ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے لیڈر کے بارے کوئی اگر الفاظ بولے گا تو اس کو جواب تو ملے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی بارے میں نے شی میل کا لفظ استعمال نہیں کیا، میں نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے بارے میں کہا جب وہ چلتا ہے تو شی میل کی طرح چلتا ہے۔

سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کیلئے نیا قومی نصاب منظور

وفاقی وزارت تعلیم نے قومی نصاب پاکستان 2026 کی باقاعدہ منظوری دے دی

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کیلئے نیا قومی نصاب متعارف کرانے کی منظوری دے دی گئی۔ وفاقی وزارت تعلیم نے قومی نصاب پاکستان 2026 کی باقاعدہ منظوری دے دی جس کا اطلاق تعلیمی سال 2027-28 سے ہوگا۔ نئے نصاب کا نفاذ اسلام آباد سمیت ملک بھر کے وفاقی تعلیمی اداروں میں کیا جائے گا، جبکہ ابتدائی بچپن کی تعلیم سے پانچویں جماعت تک کے طلب اس نصاب کے تحت تعلیم حاصل کریں گے۔ قومی نصاب میں اردو، انگریزی اور ریاضی کو بنیادی مضامین کے طور پر شامل کیا گیا ہے

پاکستان کے ساتھ ترقیاتی تجربات بانٹنا اولین ترجیح ہے، چینی سفیر

چین کی غربت کے خاتمے میں کامیابی ہدفی اقدامات کا نتیجہ ہے، جیانگ زیڈونگ

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا ہے کہ چین نے عوام کو مرکز نگاہ بنا کر غربت کے خاتمے میں تاریخی کامیابی حاصل کی ہے، جس کی بنیاد کیمونسٹ پارٹی آف چائنا (سی پی سی) کا عوام کی خدمت اور مشترکہ خوشحالی کا فلسفہ ہے۔ چین اپنی ترقی اور غربت کے خاتمے کے کامیاب تجربات پاکستان کے ساتھ بانٹنے کو اولین ترجیح دیتا ہے تاکہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے ذریعے پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کے مشترکہ اہداف حاصل کر سکیں۔ جمعہ کو پاکستان میں منعقدہ 2026 چین۔ جنوبی ایشیا ممالک غربت میں کمی اور ترقیاتی تعاون فورم سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل پولیس اکیڈمی کے کمانڈنٹ آئی جی پی سعد اختر وان کو سووینئر پیش کر رہے ہیں

2 نومبر سے شروع ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل

علما، اساتذہ اور قبائلی عمائدین بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے آگاہی پھیلائیں، پولیو کا خاتمہ مشترکہ قومی فریضہ ہے، ڈی سی بی

سبی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے والدین، علما کرام، قبائلی عمائدین، اساتذہ کرام اور معاشرے کے تمام باشعور افراد سے اپیل کی ہے کہ 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنائیں تاکہ ضلع بھر کے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جا سکیں انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور موذی مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری میں مبتلا کر سکتا ہے، تاہم اس خطرناک بیماری سے بچا پولیو ویکسین کے دو قطرے پلانے سے ممکن ہے والدین کی ذمہ داری ہے

بھارت: اترا کھنڈ میں بجلی کا پٹر گر کر تباہ، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

نئی دہلی (آن لائن) بھارت کی ریاست اترا کھنڈ کے پہاڑی علاقوں میں بجلی کا پٹر گر کر تباہ ہو گیا اور 6 افراد لاپتا ہو گئے ہیں، جن کے ہلاک ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق بجلی کا پٹر بدری ناتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ٹرمپ اور پیوٹن معاہدے کے بعد روسی ڈیزل کی پہلی کھیپ امریکا روانہ، نیویارک پہنچنے کا امکان

روسی ڈیزل سے بھرا ایک ٹینکر نیویارک کی جانب سفر کر رہا ہے، جہازوں کی نقل و حرکت کے اعداد و شمار

ماسکو (آن لائن) روس سے ڈیزل کی پہلی کھیپ امریکی منڈی کی جانب روانہ ہو گئی ہے۔ یہ پیش رفت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے درمیان ڈیزل کی برآمدات سے متعلق اچانک طے پانے والے معاہدے کے بعد سامنے آئی ہے۔ جہازوں کی نقل و حرکت کے اعداد و شمار کے مطابق روسی ڈیزل سے بھرا ایک ٹینکر نیویارک کی جانب سفر کر رہا ہے، تاہم جہاز کی انتظامی کمپنی نے منزل کی حتمی تصدیق نہیں کی۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق مالٹا کے پرچم بردار درمیانے سائز کے بحری جہاز ایکیوئی فینیڈز میں روسی بندرگاہ پرائمورسک سے 22 اکتوبر کو 40 ہزار میٹرک ٹن انتہائی کم سلفر والا ڈیزل لادا گیا تھا۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق جہاز کی امریکا آمد 7 نومبر کو متوقع ہے۔

امریکی ریاست الاسکا میں سینیٹ انتخابات، سیاسی تنازع شدت اختیار کر گیا

واشنگٹن (آن لائن) امریکی ریاست الاسکا میں سینیٹ کے انتخابات کے دوران ڈیموکریٹس پر حریف امیدواروں کے ووٹ تقسیم کرنے کے لئے امیدوار میدان میں اتارنے کے الزامات سامنے آنے کے بعد سیاسی تنازع شدت اختیار کر گیا، جس سے امریکی سینیٹ کا کنٹرول طے ہونے میں کئی ہفتوں کی تاخیر کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔

گوادر میں دو دہائیوں کے دوران 253 کلومیٹر سڑکیں تعمیر

پانی، سیوریج، کھیلوں، پارکس اور شہری سہولیات کے متعدد منصوبے مکمل

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کے ترقیاتی وژن کے تحت ادارہ ترقیات گوادر کی نگرانی میں گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے کے دوران گوادر کی تعمیر و ترقی، جدید شہری منصوبہ بندی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے گئے ہیں۔ ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، پانی کی فراہمی، سیوریج و نکاسی آب، کھیلوں کے میدان، پارکس، سرکاری عمارتیں، ساحلی تحفظ، ماہی گیری کی سہولیات، تاریخی ورثے کی بحالی، شجرکاری اور اسٹریٹ لائٹنگ شامل ہیں صوبائی حکومت کی ترقیاتی وژن کے تحت گوادر کے ترقیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

مولانا فضل الرحمن کی سیاسی بصیرت ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی ضامن ہے، مولانا واسع

جمعیت علما اسلام کی قیادت نے ہمیشہ اصولی سیاست، آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق کے تحفظ کی بات کی ہے

مدارس اسلامی تہذیب کے محافظ ہیں، سیاسی مخالفین فارم 47 کے اقتدار کو بچانے کے لیے تنقید کر رہے ہیں، آغا محمود شاہ

قلعہ سیف اللہ/لورالائی (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر محسن بلوچستان سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی سیاسی بصیرت، قومی معاملات پر مدلل مؤقف اور عوامی امنگوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا ینگ لائرز فورم کے وکلاء کے ساتھ گروپ فوٹو

وزیراعلیٰ بلوچستان کوہلو کے انتظامی و سیاسی امور میں مداخلت بند کریں، ن لیگ کا شدید ردعمل

کوہلو (یو این اے) ترجمان پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع کوہلو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ چند روز قبل رکن صوبائی اسمبلی کوہلو نواب جنگیز خان مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ضلع کوہلو کے سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی معاملات میں مسلسل مداخلت پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا، جس کے بعد گزشتہ روز نصیب اللہ مری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

باجوڑ، مکان کی چھت گرنے سے خواتین سمیت 5 افراد ملبے تلے دب گئے

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کی تحصیل ناوگئی کے علاقے ... میں مکان کی چھت گر گئی۔ رپورٹ کے مطابق چھت گرنے سے 2 خواتین، ایک مرد اور 2 بچے ملبے تلے دب گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں اور مقامی افراد موقع پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائی کرتے ہوئے پانچوں افراد کو ملبے سے بحفاظت باہر نکال لیا۔ حکام کے مطابق تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

اسلام آباد میں تجاوزات کو ختم کریں گے، محسن نقوی

کشمیر چوک انڈر پاس کے اطراف 6 ہزار درخت لگائے جائیں گے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ تجاوزات جہاں بھی ہوں گی انہیں ختم کیا جائے گا۔ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس کے اطراف 6 ہزار درخت لگائے جائیں گے۔ منصوبے کو سرسبز و شاداب اور خوبصورت بنایا جائے گا۔ انہوں نے منصوبے کے اطراف دیدہ زیب لائٹنگ نصب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر 20 روز میں 78 فیصد کام مکمل ہو گیا ہے، منصوبہ تکمیلی مراحل میں داخل ہو گیا۔

ٹرمپ کے سیاسی مستقبل کا امتحان قریب، امریکی وسط مدتی انتخابات منگل کو ہوں گے

قبل از وقت ووٹنگ میں ریکارڈ اضافہ، 4 کروڑ 30 لاکھ سے زائد ووٹ پہلے ہی ڈالے جا چکے

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں وسط مدتی انتخابات منگل 3 نومبر کو ہوں گے، جن کے نتائج سے فیصلہ ہوگا کہ کانگریس کے دونوں ایوانوں پر کس سیاسی جماعت کا کنٹرول ہوگا اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیلئے آئندہ 2 سال اپنے منصوبوں پر عمل درآمد کتنا آسان یا مشکل رہے گا۔ اس وقت سینیٹ میں ری پبلکنز کو 53 جبکہ ڈیموکریٹس کو 47 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے۔ ڈیموکریٹس کو دونوں ایوانوں کا کنٹرول حاصل کرنے کیلئے ایوان نمائندگان اور سینیٹ میں اپنی نشستوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہوگا۔ دوسری جانب حالیہ سرویز کے مطابق صدر ٹرمپ کی مقبولیت کی شرح کم ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، جس سے ری پبلکن جماعت کیلئے انتخابی چیلنجز بڑھنے کا امکان ہے۔

پاکستانی سفیر کا خطہ ورونیژ کا پہلا دورہ، مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے راستے ہموار

مختلف روسی خطوں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش

ماسکو (آن لائن) روسی فیڈریشن میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی خطہ ورونیژ کا دورہ کرنے والے پہلے پاکستانی سفیر بن گئے ہیں۔ یہ دورہ روسی فیڈریشن کے مختلف خطوں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اعلامیے کے مطابق اپنے سرکاری دورے کے دوران، سفیر فیصل نیاز ترمذی نے خطہ ورونیژ کے گورنر، جناب الیگزینڈر گوسیف سے ملاقات کی اور تجارت، تعلیم، زراعت، سائنس، ٹیکنالوجی اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ گورنر گوسیف نے سفیر اور ان کے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور انہیں خطے کی اقتصادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، صادق بنگلزئی

محکمہ زراعت کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی کوششیں قابل قدر ہیں، مشترکہ بیان

کوئٹہ (یو این اے) صادق بنگلزئی اور اسرار دینارزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ڈی جی زراعت انجینئر محبوب بلوچ محکمہ زراعت کی بہتری اور ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی ترقی، کسانوں کے مسائل کے حل اور زراعت کے شعبے کو مزید بہتر بنانے کے لیے مثبت اقدامات اور باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر محبوب بلوچ کے ساتھ محکمانہ امور میں تعاون اور ادارے کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ زراعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

لکی مروت اور باجوڑ میں دو پولیس اہلکار شہید، جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک

لکی مروت/باجوڑ (آن لائن) لکی مروت اور باجوڑ میں دہشت گردی کے واقعات میں دو پولیس اہلکار شہید جوابی کارروائی میں دو حملہ آور ہلاک ہو گیا۔ لکی مروت اور باجوڑ میں فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات کے دوران دو پولیس اہلکاروں نے جام شہادت نوش کر لیا

پینٹاگون نے فوجی اڈوں کے فریزر خراب ہونے کے واقعے کو مشتبہ سائبر حملہ قرار دے دیا

محض تکنیکی خرابی نہیں بلکہ سائبر حملے کے ذریعے کولنگ سسٹم کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو سکتی ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (آن لائن) پینٹاگون نے فوجی اڈوں کے فریزر خراب ہونے کے واقعات کو مشتبہ سائبر حملہ قرار دے کر تحقیقات کر رہا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق پینٹاگون نے ملک کے مختلف فوجی اڈوں پر موجود اشیائے خورونوش کے اسٹورز کے فریزرز میں پراسرار خرابی کے واقعات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ حکام کو شبہ ہے کہ یہ محض تکنیکی خرابی نہیں بلکہ سائبر حملے کے ذریعے کولنگ سسٹم کو نشانہ بنانے کی کوشش ہو سکتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اگست کے آخر میں کم از کم 6 امریکی فوجی اڈوں کے کمسری اسٹورز میں فریزرز اور ریفریجریشن سسٹم نے غیر معمولی طور پر کام کرنا شروع کیا۔ بعض مقامات پر درجہ حرارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

فلک جاوید کے خلاف ٹویٹ کیس کی سماعت 19 نومبر تک ملتوی

لاہور (آن لائن) فلک جاوید کے خلاف ریاست مخالف ٹویٹ کیس کی سماعت 19 نومبر تک ملتوی ہو گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت صدیقی نے فلک جاوید کی بریت کی درخواست پر این سی آئی کے پراسیکیوٹر کو اپنی بحث مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ عدالت میں فلک جاوید کے وکیل رانا معروف ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اصغر خان اچکزئی کی حراست پر شدید تشویش، 6 نومبر کو آل پارٹیز کانفرنس کا اعلان

اصغر خان کو جعلی مقدمے میں قید رکھا گیا ہے، عدم تشدد کی پالیسی پر عمل پیرا رہتے ہوئے جدوجہد جاری رکھیں گے، جمال الدین رشتیا

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی و صوبائی قائدین نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو گزشتہ دو ہفتوں سے من گھڑت اور جعلی مقدمے میں حراست میں رکھنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما جمال الدین رشتیا و دیگر قائدین نے کہا کہ اصغر خان اچکزئی کی حراست پر تمام سیاسی جماعتوں، وکلا اور سول سوسائٹی کے اظہار تشویش پر وہ ان کے مشکور ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ نے براہ راست اپیلٹ ٹریبونل سے رجوع کرنے کا حق تسلیم کر لیا

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکس دہندگان کے حق میں اہم فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ سیلز ٹیکس کے معاملات میں رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) سے رجوع کیے بغیر براہ راست اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو میں اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے خالد نذیر اسپننگ لمیٹڈ کی جانب سے دائر ٹیکس ریفرنس منظور کرتے ہوئے اپیلٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

4 سال سے پولیو کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہ ہونا حکومت اور ورکرز کی انتھک محنت کا ثمر ہے، سلیم کھوسو

پولیو کے پائیدار اور مکمل انسداد کے لیے تمام تر وسائل بلا دریغ فراہم کیے جائیں گے، پی پی ایچ آئی تقریب سے صوبائی وزیر کا خطاب

صحبت پور (یو این اے) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات اور مسلم لیگ (ن) کے صوبائی پارلیمانی لیڈر سلیم احمد کھوسو نے کہا ہے کہ صحبت پور سمیت پورے صوبے میں پولیو وائرس کا ایک بھی کیس سامنے نہ آنا صوبائی و وفاقی حکومت کی موثر پالیسیوں اور محکمہ صحت کے ورکرز کی بے مثال محنت کا نتیجہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کونسل ہال صحبت پور میں پی پی ایچ آئی (PPHI) کے زیر اہتمام منعقدہ پولیو سینڈ پروگرام کی تقریب سے بطور خاص خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر غلام مرتضیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کوئٹہ، جے یو آئی بلوچستان کا اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو طلب

صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع صدارت کریں گے، صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی اراکین شرکت کریں گے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جے یو آئی کی صوبائی مجلس عاملہ اور صوبائی اسمبلی کے پارلیمانی اراکین کا ایک اہم مشترکہ اجلاس یکم نومبر کو صبح 10 بجے طلب کر لیا ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ مشترکہ اجلاس کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن میں واقع جے یو آئی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا، جس کی صدارت صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کریں گے۔ اجلاس میں صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال، آئندہ کی حکمت عملی، تنظیمی امور اور صوبائی اسمبلی کے اندر اور باہر جماعتی موقف کے حوالے سے اہم فیصلوں اور مشاورت کی توقع ہے۔

پارلیمنٹ میں قائد جمعیت کے خلاف غیر پارلیمانی زبان کے استعمال پر جے یو آئی کی شدید مذمت

حکومتی وزرا اپنی نااہلی چھپانے کے لیے الزام تراشیوں اور غیر سنجیدہ بیانات کا سہارا لے رہے ہیں، شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماؤں نے سینیٹ اور قومی اسمبلی میں حکومتی وزرا اور درباری ٹولے کی جانب سے قائد جمعیت کے خلاف بازاری زبان کے استعمال اور بے بنیاد الزام تراشیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی وزرا نے قائد جمعیت کے خلاف بازاری زبان استعمال کر کے اپنی سیاسی تربیت کا عملی مظاہرہ کیا۔ جو نااہل وزرا حکومتی امور چلانے اور عوامی مسائل حل کرنے کی صلاحیت سے محروم ہیں وہ اپنی ناکامیوں اور نااہلی پر پردہ ڈالنے کے لیے غیر سنجیدہ بیانات، سیاسی ہتھکنڈوں اور الزام تراشیوں کا سہارا لے رہے ہیں۔

کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی ذاتی جاگیر نہیں، نصیب مری

کوہلو کی ترقی کسی فرد کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ عوام کا حق ہے یہاں کے لوگوں کو تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور بہتر انتظامی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے

کوہلو کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، اور عوامی حقوق کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی ذاتی جاگیر نہیں کہ یہاں کے وسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوام کے مستقبل کے فیصلے چند مخصوص افراد کی مرضی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر فنگر مارکنگ کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکرز پر حملے، تیل قیمتوں میں اضافہ

لندن (آن لائن) آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکرز کے بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کی اطلاعات پر عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان ہے۔ جمعے کو برینٹ کروڈ آئل کی قیمت ایک ڈالر 20 سینٹ بڑھ کر 116 ڈالر ہو گئی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق اس ماہ کے دوران برینٹ کروڈ آئل کی قیمتوں میں تقریباً 11 فیصد اضافے کا امکان ہے۔

ایران کے ایٹمی پروگرام پر نئی بحث، سپریم لیڈر سے ایٹم بم کی تیاری کی منظوری مانگ لی گئی

تہران (آن لائن) ایران کے ایک رکن پارلیمنٹ محمود نبویان نے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ملک میں ایٹم بم تیار کرنے کی اجازت دیں۔ ان کا کہنا ہے کہ انہوں نے یہ تجویز شہر قم میں ہونے والے ایک اجتماع کے دوران پیش کی، جہاں موجود افراد نے اس کی حمایت میں ردعمل دیا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق محمود نبویان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ گئی

2024 کے دوران پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے 88 ہزار سے زائد نئے کیسز سامنے آئے، رپورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) وزارت قومی صحت نے ہیپاٹائٹس سے متعلق رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کر دی، جس کے مطابق پاکستان ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد کے لحاظ سے دنیا میں سرفہرست ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں کی تعداد 90 لاکھ تک پہنچ چکی ہے، جبکہ 38 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد ہیپاٹائٹس بی کا شکار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں ایک کروڑ 29 لاکھ افراد ہیپاٹائٹس بی یا سی میں مبتلا ہیں جبکہ ہر سال تقریباً 48 ہزار افراد اس مرض کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں۔

مریم نواز پتھر کے دور میں واپس لے جانا چاہتی ہے، لطیف کھوسہ

مریم بی بی کی بات لاقانونیت کو جنم دینے کے مترادف، ان کا ذہنی توازن مجھے نہیں لگتا ٹھیک ہے

لاہور (آن لائن) پی ٹی آئی رہنما اور سینئر قانون دان سردار لطیف کھوسہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا طرز بیان معاشرے میں لاقانونیت اور انتہا پسندی کو فروغ دینے کا باعث بن سکتا ہے۔ مریم نواز کو اپنے موقف پر نظرثانی کرنی چاہیے، کیونکہ کسی بھی شخص کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ ایک انٹرویو میں سردار لطیف کھوسہ نے کہا کہ مریم بی بی نے جو بات کی ہے وہ لاقانونیت کو جنم دینے کے مترادف ہے اور اس سے انتہا پسندی کو مزید ہوا ملتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی، اوستہ محمد میں 42 کیسز کا جائزہ

اہل زمینداروں کو معاوضے کی ادائیگی کے لیے دستاویزات کی تصدیق اور شفافیت یقینی بنائی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے حکومتی پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے ضلعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 42 سیمڈا ائزڈ زرعی ٹیوب ویلز کے معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے حکومتی پروگرام پر موثر اور شفاف انداز میں عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے ضلعی عملدرآمد کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد ماریہ شمعون زمیندار ایکشن کمیٹی کے نمائندگان عبدالرحیم رند، حاکم علی جمالی ایگز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

تعلیم کے فروغ کے لیے خصوصی گرانٹس کی تقسیم خوش آئند اقدام ہے، پروفیسر حلیم صادق

سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر کی تعلیمی بہتری کے لیے کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، صوبائی جنرل سیکرٹری

تعلیم کے فروغ کیلئے ایسے اقدامات وقت کی ضرورت ہیں، عوام پاکستان پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے ضلع کوئٹہ کے 20 منتخب سرکاری سکولوں میں سکول بہتری منصوبے کے تحت گرانٹ چیکس کی تقسیم کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم کے فروغ، سرکاری سکولوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری سکولز ایجوکیشن بلوچستان حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ٹک ٹاک کا جھانسہ دے کر بچے کے ساتھ مبینہ جنسی زیادتی، ملزم گرفتار

لاہور (آن لائن) ڈیفنس بی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بچے کو ٹک ٹاک کا جھانسہ دے کر مبینہ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نصیب احمد چند روز قبل درج ہونے والے زیادتی کے مقدمے میں پولیس کو مطلوب تھا۔ ڈیفنس بی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزم نصیب احمد کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی کینٹ عثمان عزیز میر کے مطابق بچوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

ایم کیو ایم رہنما کا چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نثار کھوڑو کو کے ایم سی کی مبینہ بے ضابطگیوں پر خط

کے ایم سی کی 188 ترقیاتی اسکیموں کے 7.5 ارب روپے کے استعمال کی تحقیقات کرائی جائیں، خط کا متن

کراچی (آن لائن) ڈپٹی پارلیمانی لیڈر ایم کیو ایم پاکستان و رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی طحہ احمد خان نے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نثار کھوڑو کو کے ایم سی کی مبینہ بے ضابطگیوں پر خط لکھا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ کے ایم سی کی 188 ترقیاتی اسکیموں کے 7.5 ارب روپے کے استعمال کی تحقیقات کرائی جائیں، رواں مالی سال 15 سے 16 ارب روپے کے ترقیاتی ٹینڈرز میں شفافیت یقینی بنائی جائے اور کے ایم سی کی ترقیاتی اسکیموں اور ٹینڈرنگ کے عمل کی سی ایم آئی ٹی سے انکوائری کرائی جائے۔ طحہ احمد خان نے کہا کہ ترقیاتی ٹھیکوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور مداخلت کا تعین کیا جائے، ترقیاتی اسکیموں پر اربوں روپے خرچ ہونے کے دعوے صرف کاغذوں تک محدود ہیں، ترقیاتی منصوبوں کے نام پر مخصوص لوگوں کی جیبیں بھری جا رہی ہیں۔

اکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج آخری تاریخ، تمام ٹیکس دفاتر رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے

اسلام آباد (آن لائن) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج 31 اکتوبر (ہفتہ) آخری تاریخ ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر کے تمام بڑے ٹیکس دفاتر میں کام کے اوقات بڑھا دیئے گئے۔ جاری اعلامیے کے مطابق ایف بی آر کے تمام بڑے ٹیکس دفاتر آج ہفتہ 31 اکتوبر کو رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے، بڑے ٹیکس دہندگان کے دفاتر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

امریکا اور بوسنیا میں 3 ہیلی کاپٹرز گر کر تباہ، 7 افراد ہلاک، متعدد زخمی

واشنگٹن (آن لائن) امریکا اور بوسنیا میں 3 ہیلی کاپٹرز گر کر تباہ ہو گئے جس کے نتیجے میں 7 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ریاست اوریگن میں دو ہیلی کاپٹر فضا میں ٹکرا گئے۔ حادثے میں 3 افراد ہلاک ہو گئے۔ دونوں ہیلی کاپٹر تصادم کے بعد ایک شاہراہ کے قریب کھیت میں گر کر تباہ ہو گئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ: فن تنظیم پینٹرز آرٹس ایسوسی ایشن پاکستان کے زیر اہتمام کلچرڈ پارٹمنٹ کے اشتراک سے دوسری قومی فن پاروں کی نمائش کے اختتام پر ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین، ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، نیاز احمد زرکون شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆